ABC Certified

مظلوم کی آواز ——— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک

DAILY "DAK" GUJRAT

www.dailydak.pk

روزنامہ ڈاک گجرات

چیف ایڈیٹر یونس ساقی

جمعۃ المبارک 8 ذوالقعدۃ 1445ھ 17 مئی 2024ء 4 جیٹھ 2081ب (CPL-53)

جلد نمبر 28 شمارہ نمبر 263 قیمت 20 روپے، فون 3607598-3729155

آرڈیننس لانے ہیں تو پارلیمنٹ کو بند کر دیں، کیا ہم کبھی بطور ملک آگے بڑھ سکیں گے؟

چیف جسٹس: قانون ہم توڑیں یا فوج ایک ہی بات، کب تک خود کو پاگل بناتے رہیں گے

پارلیمان کو مضبوط بنانا سیاست دانوں کا کام، پریکٹس اینڈ پروسیجر معطل کرنا درست تھا یا غلط بہر حال عدالت کے حکم سے معطل ہے، جسٹس اطہر من اللہ

اسلام آباد ہائیکورٹ سے نیب ترمیم کیس پر سماعت کا حکم نامہ طلب، سماعت غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی، آئندہ سماعت پر عمران خان کو دوبارہ ویڈیو لنک کے ذریعے پیش ہونے کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ ڈاک) سپریم کورٹ نے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 49)

مدینہ منورہ: چوہدری سالک حسین، اسام دمیاتی کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

بانی تحریک انصاف عمران خان ویڈیو لنک پر سپریم کورٹ سماعت میں شریک ہیں

جسٹس قاضی فائز عیسیٰ اور عمران خان میں مسکراہٹوں کا تبادلہ

بانی پی ٹی آئی نے نیلے رنگ کی ہاف بازو شرٹ پہن رکھی تھی عمران خان سوالات نوٹ کر لیں ہم ان سے جواب لینگے، چیف جسٹس

اسلام آباد (نمائندہ ڈاک) چیف جسٹس آف (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 01)

چوہدری سالک حسین کا مدینہ منورہ میں عالمی دورہ، اسام دمیاتی سے ملاقات

پاکستان حجاج کیلئے بہتر سہولیات کی تجاویز، بھرپور تعاون کی یقین دہانی

چوہدری سالک حسین نے مدینہ منورہ پاکستانی حج مشن کے زیر اہتمام قائم ہسپتال کے انتظامات کا جائزہ لیا

گجرات (مدثر اقبال سے) وفاقی وزیر مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی چوہدری سالک حسین نے گزشتہ روز مدینہ منورہ میں عالمی دورے کے موقع پر عالمی کے سی ای او مسٹر اسام دمیاتی سے خصوصی ملاقات کی، ملاقات (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 03)

چوہدری عابد رضا، نوابزادہ طاہر الملک، چوہدری علی وڑائچ کا چوہدری کوٹلہ پر ملاقات کے موقع پر

چوہدری عابد رضا، نوابزادہ طاہر الملک، چوہدری علی وڑائچ کی ملاقات

ڈیرہ کوٹلہ پر ہونے والی ملاقات میں گجرات کی سیاسی صورتحال پر مشاورت

گجرات (ارشد محمود سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) ڈویژن گوجرانوالہ کے صدر چوہدری عابد رضا کیساتھ پاکستان مسلم لیگ (ن) (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 02)

گلیانہ کے قریب پولیس مقابلہ، ڈکیت سیاتھیوں کی فائرنگ سے جاں بحق

پولیس نے مشکوک گاڑی روکنے کی کوشش کی مگر وہ بے قابو ہو کر بورڈ سے ٹکرا گئی، ملزمان کی فائرنگ

گاڑی میں ملزم شریز عرف شانی زخمی حالت میں موجود تھا جو ہسپتال لیجاتے دم توڑ گیا، گاڑی سے نشہ آور اشیاء برآمد

گجرات (نمائندہ ڈاک) گجرات مطابق گلیانہ عمر ہسپتال کے قریب ناکہ لگایا ہوا تھا کہ بھدر سائیڈ سے ایک مشکوک کار نمبری LEH8469 آئی۔ جسے روکنے کی کوشش کی پولیس تھانہ گلیانہ کے ملازمین نے معمول کے گئی تو (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 04)

زرعی زمین پر کوئی انڈسٹریل سٹیٹ نہیں بنے گی، گارمنٹ سٹی میں سولر انرجی بارے ورکنگ، سفارشات وزیر اعلیٰ کو پیش ہونگی

دو ہزار ایکڑ رقبہ پر گارمنٹ سٹی کا منصوبہ، اربوں روپے کی غیر ملکی سرمایہ کاری، چوہدری شافع حسین

وزیر اعلیٰ کی قیادت میں پنجاب حکومت کا لینڈ مارک منصوبہ، برآمدات بڑھیں گی نئے کارخانے لگنے سے روزگار کے مواقع معیشت مضبوط ہوگی

انڈسٹری کو سولر پر منتقل کرنے سے پیداواری لاگت کم ہوگی، صوبائی وزیر کو سیکرٹری صنعت احسان بھٹہ، چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر محمد ساجد نے بریفنگ دی

گجرات (مدثر اقبال سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر انڈسٹریل سٹی کے قیام کے حوالے سے سفارشات مرتب کرنے کیلئے بنائی گئی کمیٹی کا (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 07)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین گارمنٹ سٹی قیام کے حوالہ سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

16 سے 30 مئی تک ہیٹ ویو کی پیشن گوئی

درجہ حرارت 40 سینٹی گریڈ تک جا سکتا ہے، ماہ جون میں مزید گرمی ہوگی

لاہور (نمائندہ ڈاک) نیشنل کنٹرول سنٹر کی جانب سے جاری مئی اور جون میں ہیٹ ویو (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 08)

ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور نیشنل کمانڈ اینڈ

لاہور: حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں جماعت اسلامی کا حق دو کسان مارچ

مسجد شہداء تا وزیر اعلیٰ ہاؤس ریلی، ہزاروں کی تعداد میں کسان شریک، ڈاکٹر طارق سلیم نے نعرے بازی کروائی

گجرات (مدثر اقبال سے) پنجاب حکومت کی کسان دشمن پالیسیوں کے خلاف جماعت اسلامی پنجاب کے زیر اہتمام "حق دو کسان" (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 05)

حافظ نعیم الرحمن، لیاقت بلوچ، امیر العظیم، ڈاکٹر طارق سلیم کسان مارچ میں سٹیج پر

کروڑوں کسان متحد ہو جائیں تو چچا کچھ کر سکتا ہے نہ بھتیجی

جماعت اسلامی 25 کروڑ عوام کا مقدمہ لڑے گی، حافظ نعیم الرحمن

لاہور (نمائندہ ڈاک) امیر جماعت اسلامی حافظ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 06)

مستنصر عطاء باجوہ کیساتھ حاجی ناصر محمود کی قیادت میں گجرات چیمبر وفد کی ملاقات

DPO

شہر میں سٹریٹ کرائم، ڈکیتی کی وارداتوں بارے اظہار تشویش، شاہراہات پر پولیس گشت موثر بنانے کا مطالبہ

ڈی پی او نے بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی، مانیٹرنگ سیل تشکیل دیا جا رہا ہے، DPO مستنصر عطاء باجوہ

گجرات (محبوب عالم) گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے حاجی ناصر محمود گروپ لیڈر کی زیر قیادت ڈی پی او آفس گجرات (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 09)

ڈی پی او مستنصر عطاء باجوہ کو حاجی ناصر محمود کی قیادت میں چیمبر وفد گلدستہ پیش کر رہا ہے

پیشوائے اہلسنت پیر محمد افضل قادری کی یاد میں عالمی تحریک تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام بڑا تعزیتی ریفرنس

مفتی پیر عثمان افضل قادری کی زیر صدارت عمائدین نے پیر صاحب کی دینی خدمات کی تحسین کی، دعائیہ محفل

تعزیتی ریفرنس سے چوہدری رخسار، خادم حسین سلیمی، یاسر امین مرل، علامہ راشد تنویر، سید زین العابدین، حمیر علی قادری نے خطاب کیا

گجرات (نمائندہ ڈاک) ادارہ نور الاسلام و عالمی تحریک تحفظ ختم نبوت گجرات کے زیر اہتمام گجرات پریس کلب میں عظیم الشان پیشوائے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 11)

پیشوائے اہلسنت پیر محمد افضل قادری کی یاد میں گجرات پریس کلب میں تعزیتی ریفرنس

پیر صاحب کیساتھ پریس کلب کا مضبوط رشتہ رہا، سید نوید شاہ

آپ کی ساری زندگی قرآن وسنت کے فروغ وترویج میں گزری

گجرات (نمائندہ ڈاک) تعزیتی ریفرنس کے موقع پر صدر گجرات پریس کلب سید نوید شاہ نے کہا کہ پیر صاحب کا خلا کبھی بھی پر نہیں ہو (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 12)

مفتی عثمان افضل قادری کو پریس کلب آمد پر گلدستے پیش

گجرات (نمائندہ ڈاک) پیشوائے اہلسنت تعزیتی ریفرنس میں پیر عثمان افضل قادری کی آمد کے موقع پر صدر پریس کلب سید نوید شاہ اور (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 13)

عشق رسول پیر صاحب کی زندگی کا مرکز ومحور رخسار چوہدری

تحفظ ختم نبوت اور ناموس رسالت کیلئے زندگی بھر متحرک رہے

گجرات (نمائندہ ڈاک) صدر بار گجرات چوہدری رخسار نے کہا کہ ہم نے پیر صاحب اور ان کے بزرگوں کے ساتھ وقت گزارا ہے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 10)

نیک آباد سے پیر صاحب کے نقش قدم پر چلتے شرعی اور آئینی تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے دینی ذمہ داریاں پوری کرینگے

پیر محمد افضل قادری ختم نبوت کے پہرے دار، حضور غوث اعظم کے فیض یافتہ تھے، مفتی عثمان افضل قادری

انشاء اللہ!! قادریہ، عالمیہ یونیورسٹی اور جامعہ قادریہ کے نظام تعلیم کو مزید مربوط کرینگے، سنگی حضرات مزید بہتری کیلئے راہنمائی کریں

پیر صاحب قبلہ زندگی میں کبھی بھی جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق بیان کرنے سے نہ گھبرائے، مفتی عبدالرحمن نعیمی نے تعزیتی ریفرنس سے حق ادا کر دیا

گجرات (نمائندہ ڈاک) تعزیتی ریفرنس کے موقع (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 14)

مفتی عبدالرحمن نعیمی کی طرف سے لنگر کا اہتمام

گجرات (نمائندہ ڈاک) مفتی عبدالرحمن نعیمی مہتمم (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 15)

صاف قائد تحریک ختم نبوت، قادیانیت ہمیشہ لرزہ براندام رہی، مفتی عبدالرحمن نعیمی

پیر صاحب قادیانوں کو نماز جمعہ ادائیگی سے روکا جائے، رد قادیانیت محاذ سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، تعزیتی ریفرنس سے خطاب

گجرات (نمائندہ ڈاک) مفتی عبدالرحمن نعیمی امیر عالمی تحریک تحفظ ختم نبوت پاکستان نے کہا کہ پیر صاحب زندہ و بیدار شخصیت تھے ان کے کارنامے ہمیشہ زندہ رہیں گے ان کی خدمات ہمیشہ لوگوں کے دلوں میں عشق مصطفی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 16)

چوہدری شافع حسین کیساتھ عکاظ ضیاء متہ کی ملاقات، سوک کلاں مسائل کی نشاندہی

سوک کلاں میں رابطہ دفتر قائم کر دیا ہے، عوامی مسائل قائدین کے نوٹس میں لائے جاتے ہیں، اہل علاقہ مطمئن ہیں

گجرات (وسیم کوندل سے) صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کیساتھ چوہدری عکاظ ضیاء متہ (سوک کلاں) کی خصوصی ملاقات۔ علاقائی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 17)

قنبر: عاطف عظمت سید کے اعزاز میں میاں فیصل کا عشائیہ، ڈاکٹر قمر چیمہ موجود ہیں

قنبر: عاطف عظمت سید کے اعزاز میں میاں فیصل کا عشائیہ

ڈاکٹر جاوید اقبال، ڈاکٹر قمر چیمہ، چوہدری شہباز شریک، اہم امور بارے مشاورت

قنبر (آصف علی بھٹی سے) پاکستان مسلم لیگ کے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 18)

الحاج شیخ شوکت علی

انتقال کر گئے، نماز جنازہ آج 5:30 بجے قبرستان دارہ گلاب شاہ ہوگی

گجرات (نمائندہ ڈاک) حاجی شیخ محمد علی مرحوم کے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 19)

چوہدری شافع حسین کے ساتھ چوہدری عکاظ ضیاء متہ ملاقات کے موقع پر

فوری ضرورت برائے رومانیہ (یورپ) ٹیسٹ انٹرویو کی فیس نہیں لی جائیگی

ہمارے معزز پرنسپل کو رومانیہ کی مشہور ومعروف کمپنی کیلئے درج ذیل کی فوری ضرورت ہے / تعداد 75

الیکٹریشن 685 USD +اوور ٹائم	پلمبر 685 USD +اوور ٹائم	AC ٹیکنیشن 685 USD +اوور ٹائم	فٹنگ کارپینٹر 685 USD +اوور ٹائم
جپسم کارپینٹر 685 USD +اوور ٹائم	میسن 685 USD +اوور ٹائم	ایلومینیم فیبریکیٹر 685 USD +اوور ٹائم	ہیوی مشینری آپریٹر 685 USD +اوور ٹائم

ٹیسٹ انٹرویو 20 مئی کو رومانیہ ڈیلیگیشن کی موجودگی میں گجرات ہونگے

انٹرویو بمقام پنجاب ٹیک ٹی ٹیسٹ مین سٹاپ دیونہ منڈی، نزد عامر الیکٹرونکس، ممتاز پلازہ GT روڈ گجرات

M/S ASACO Manpower Evalution & Placement Services Overseas Employment Promoters

220-B, Uni Plaza, I.I. Chundigar Road, Karachi-74000 Pakistan. LIC:OP&HRD/4574/KAR/20 PTN:2517205 Dated: 06-05-2024 www.beoe.gov.pk/foreign.jsb

Mob: 0306-0751133 / 0306-0791133

روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر محمد یونس ساقی
کفر ہے ظلم کا سہنا مہر بہ لب رہنا..... حکم خدا کا لکھا ہے سپاہوں پر
ایڈیٹر کا مضمون نگاروں، کالم نویسوں اور مراسلہ نگاروں کی آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں
ایڈیٹوریل
چیف ایڈیٹر، پبلشر، ایڈیٹر، پبلیشر یونس ساقی
مطبع ڈاک پرنٹنگ پریس برکت بازار گجرات
WWW.dailydak.pk

خوبصورت، دلچسپ اور روحانی سفر

پیر سید احمد حسین شاہ ترمذی

اس پرفتن دور میں اکثر لوگ دل بہلانے کے لیے مختلف مقامات پر سیر و تفریح کیلئے آتے جاتے دکھائی دیتے ہیں لیکن ہم چند ساتھیوں کا سیر و تفریح کا نقطہ نظر دیگر لوگوں سے جداگانہ ہے۔ ہم چند دوست ساتھی بھی ہر سال مختلف مقدس مقامات پر حاضری کی غرض سے سفر کرتے ہیں۔ ہمارا یہ سفر بامقصد، پرونق، دلچسپ، اطمینان قلب کا باعث اور روحانیت سے بھرپور ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کے حالات زندگی کا مطالعہ کریں تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ یہ مبارک ہستیاں اللہ والوں کی درگاہوں پر فیض حاصل کرنے کے لیے اور اطمینان قلب کے لیے دور دراز کا سفر طے کر کے حاضری دیا کرتیں تھیں۔ یہ خوبصورت حاضری کا سلسلہ آج کے اس پرفتن دور میں ختم ہوتا ہوا نظر آ رہا ہے۔ الحمدللہ! ہم چند دوست ساتھی اپنے بزرگوں کی اس خوبصورت روایت کو برقرار رکھے ہوئے ہیں ایک تو ہر جمعۃ المبارک کو اپنے مرشد کامل کی بارگاہ اقدس میں حاضری پیش کرتے ہیں۔ اس خوبصورت روحانی حاضری کے طفیل پورا ہفتہ بڑے آرام و سکون سے بسر ہوتا ہے اور عملی زندگی میں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے، دوسرا گاہے بگاہے اپنے مرشد کریم کی اجازت سے اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں، حضور داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ، حضور بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ اور حضور ضیاء الامت رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ ان مقبول ہستیوں کی خدمت اقدس میں حاضری کا شرف حاصل کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ بڑی دیرینہ خواہش تھی کہ ان مبارک ہستیوں کے عرس مبارک کے ایام کے علاوہ حضور داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ، حضور بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ اور حضور ضیاء الامت رحمۃ اللہ علیہ کے مزارات پر حاضری دی جائے۔ باہم مشورہ سے پھر یہ بات طے پائی کہ تینوں مقدس مقامات پر اکٹھی حاضری سے سفر طویل ہو جائے گا لہٰذا حضور داتا گنج بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضور بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کی بارگاہ اقدس میں حاضری پیش کی جائے اور حضور ضیاء الامت رحمۃ اللہ علیہ کی بارگاہ اقدس میں بعد میں علیحدہ حاضری کی سعادت حاصل کریں گے۔ 5 مئی 2024ء بروز اتوار گیارہ ساتھیوں پر مشتمل مختصر سا قافلہ جن میں راقم الحروف، سید تسلیم شاہ، سید سجاد حیدر شاہ، علامہ نصیر احمد نصیر، ماسٹر نصیر احمد، باؤجی محمد شریف، بابا جی اقبال، ڈاکٹر طاہر محمود، سجاد حیدر ناز، مطلوب حسین چشتی اور ساجد حسین شامل تھے۔ یہ مختصر سا قافلہ فجر کی اذان کے ساتھ اہل سدھ سے روانہ ہوا فجر کی سنتیں مسجد سلطانیہ رولیہ میں ادا کیں اور پھر آستانہ عالیہ بوگن شریف کی جانب سفر شروع ہوا۔ وہاں پہنچے تو فجر کی جماعت کھڑی ہو چکی تھی ہم سب نے سنتیں پہلے ادا کی ہوئی تھیں اس لیے فوراً جماعت میں شامل ہو گئے۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد قبلہ مرشد گرامی مرتبت کی خدمت میں حاضری ہوئی تو آپ نے خلاف معمول حاضری کا مقصد پوچھا تو ہم نے اپنے مقدس سفر کا ذکر کیا تو آپ



نے فرمایا ان ایام میں عرس مبارک تو نہیں ہوتا۔ ہم نے عاجزانہ التجاء کی حضور! ہماری دیرینہ تمنا تھی کہ عرس مبارک کے علاوہ ان مقبول ہستیوں کی خدمت میں حاضری دی جائے۔ آپ نے پھر ہمارے سب کے حق میں خصوصی دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ تمہارا سفر آسان فرمائے، قبول فرمائے، بامقصد بنائے اور خیر و عافیت سے منزل مقصود پر پہنچائے۔ دعائے خیر کے ساتھ ہی، وقت کی مناسبت سے آپ نے ہم سب ساتھیوں کی جوس اور بسکٹ کے ساتھ ضیافت فرمائی اور مزید خلوص بھری دعاؤں سے نوازتے ہوئے اجازت عطا فرمائی۔ ہم سب ساتھی ہمیشہ کسی بھی مبارک سفر پہ جانے لگتے ہیں یا جانے کا ارادہ کرتے ہیں تو سب سے پہلے آپ کی خدمت میں حاضری پیش کرتے ہیں تو آپ جب سفر کی آسانی، کامیابی اور خیر و عافیت سے روبہ پذیر ہونے کی دعا فرماتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندے کی دعا کے صدقے بڑی آسانیاں پیدا فرماتا ہے۔ قبلہ مرشد گرامی مرتبت کی خدمت میں حاضری کے بعد قبلہ عالم پیر سید عبدالشکور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور قبلہ پیر سید محمد سعید شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار اقدس پر حاضری دی اور پھر لاہور داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی نگری کی جانب عازم سفر ہوئے۔ باہم مشورے سے یہ طے پائی کہ سیالکوٹ براستہ موٹروے سفر زیادہ بہتر رہے گا۔ اس سفر میں باؤجی محمد شریف صاحب کو امیر قافلہ منتخب کیا گیا، اس اعزاز کو انہوں نے بخوشی قبول کیا اور اپنی کاپی جنرل نکال کر فوراً اپنی ترتیب و مینجمنٹ نوٹ کرنا شروع کر دی۔ اللہ تعالیٰ نے باؤجی محمد شریف صاحب کو بے شمار خوبیوں سے مالا مال فرمایا ہے اس لیے ہم ہر سفر میں آپ کو امیر قافلہ منتخب کرتے ہیں جنکا فریضہ آپ بڑی خوش اسلوبی سے سر انجام دیتے ہیں۔ صبح کی ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی موسم بڑا خوش گوار تھا۔ قبلہ پیر صاحب کی خلوص بھری دعاؤں اور صبح کی ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں نے ہمارے قافلے کے ماحول کو مزید خوش گوار بنا دیا۔ اپنے گاؤں رانیوال سیداں کے قریب سے گزرتے ہوئے سید سجاد حیدر شاہ کو بھی ساتھ بٹھایا۔ آپ فروٹ منڈی میں فریش منٹ کے لیے فروٹ کسی کو کیلے کسی کو آڑو عطا کرنا شروع کر دیئے۔ امیر قافلہ نے فروٹ تناول کرتے ہوئے اعلان کیا کہ سجاد شاہ صاحب پہلی دفعہ ہمارے ساتھ سفر کر رہے ہیں اس لیے انہوں نے فروٹ پہ جتنے پیسے خرچ کیے ہیں ان کو بھی اپنی ترتیب میں شامل کرتے ہیں تاکہ ان پر بوجھ نہ بنے۔ سب ساتھیوں نے امیر قافلہ کی رائے کو پسند کیا۔ سیالکوٹ ائیر پورٹ چوک پر پہنچ کر امیر قافلہ نے اعلان کیا کہ جونہی موٹروے شروع ہو جائے گی تو پھر گاڑی روکنا مشکل ہو جائے گا لہٰذا ناشتہ یہاں ہی کر لیا جائے۔ اعلان ہوتے ہی گاڑی روک دی گئی۔ امیر قافلہ نے ناشتے کا آرڈر جاری کر دیا۔ ناشتے کی تیاری تک قریب مسجد میں سب نے تازہ وضو کیا تحیۃ الوضو تحیۃ المسجد اور اشراق کے نوافل ادا کیے اتنے میں ناشتہ تیار ہو گیا۔ سب ساتھ ساتھ ڈبل روٹی بھی پیش کرتے گئے۔ حقیقت میں اس مزیدار چائے کا ذائقہ ہی انہوں نے اپنی سخاوت کا دریا بہا دیا کسی کو کیلے کسی کو آڑو عطا کرنا شروع کر دیئے۔ امیر قافلہ نے فروٹ تناول کرتے ہوئے اعلان کیا کہ سجاد شاہ صاحب پہلی دفعہ ہمارے ساتھ سفر کر رہے ہیں اس لیے انہوں نے فروٹ پہ جتنے پیسے خرچ کیے ہیں ان کو بھی اپنی ترتیب میں شامل کرتے ہیں تاکہ ان پر بوجھ نہ بنے۔ سب ساتھیوں نے امیر قافلہ کی رائے کو پسند کیا۔ سیالکوٹ ائیر پورٹ چوک پر پہنچ کر امیر قافلہ نے اعلان کیا کہ جونہی موٹروے شروع ہو گئ

ABC Certified
مظلوم کی آواز —— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک
DAILY "DAK" GUJRAT
www.dailydak.pk
روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر یونس ساقی
جمعۃ المبارک 8 ذوالقعدۃ 1445ھ 17 مئی 2024ء 4 جیٹھ 2081 ب (CLP-53)
جلد نمبر 28 شمارہ نمبر 263 قیمت 20 روپے فون 3729155-3607598

چوہدری شافع حسین، چوہدری خالد اصغر گھرال، چوہدری عبداللہ یوسف، اعجاز زنیاں سے محبوب ربانی ظفر کی ملاقات

لاہور میں ہونیوالی ملاقات میں چوہدری محبوب ربانی ظفر نے گجرات کے ممبران پنجاب اسمبلی کی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا

چوہدری صاحبان کی زیر قیادت مسلم لیگ ق ملک کو بحرانوں و مسائل کی دلدل سے نکالے گی ہر شعبہ میں بہتری آ رہی ہے، چوہدری محبوب ربانی ظفر

چوہدری شافع حسین، چوہدری خالد اصغر گھرال، چوہدری اعجاز زنیاں، چوہدری عبداللہ یوسف سے چوہدری محبوب ربانی ظفر خوش ملاقات کر رہے ہیں

گجرات (احسان اللہ سے) سابق ناظم یونین کونسل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

چوہدری شافع حسین کیساتھ چوہدری عکاظ ضیاء مستہ، چوہدری ظہیر فیض بخرا (چک منجوں) ملاقات کر رہے ہیں

پٹرول 15 روپے سستا ہونے کے باوجود گجرات میں پرانے نرخوں پر فروخت ہو رہا ہے

پٹرول پمپ مالکان نے پٹرول کے نرخ کم نہیں کیے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے ڈی سی نوٹس لیں

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) گجرات شہر میں الٹی گنگا بہنے لگی پٹرول میں ریلیف کی بجائے لوٹا جانے لگا شہریوں کی ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک سے پٹرول پمپ مالکان کے خلاف کارروائی کی اپیل حکومت پاکستان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

چوہدری خالد اصغر گھرال کی ڈیرہ چیئرمین مقصود گجر بھراج آمد ملاقاتیں

چوہدری مقصود گجر نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ استقبال کیا چوہدری احسان صادق چیچی، چوہدری محمود شاہین، ملک نوید و دیگر بھی ہمراہ تھے علاقائی مسائل بارے گفتگو خدمات کی تحسین، چوہدری خالد اصغر گھرال کی قیادت میں عوامی مسائل کے حل کے لیے سرگرم ہیں، مقصود گجر

گجرات (احسان اللہ سے) ایم پی اے چوہدری خالد اصغر گھرال کی ڈیرہ چیئرمین چوہدری مقصود گجر بھراج آمد، ملاقاتیں، چوہدری مقصود گجر نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ استقبال کیا چوہدری احسان صادق چیچی، چوہدری محمود شاہین، ملک نوید و دیگر بھی ہمراہ تھے علاقائی مسائل بارے گفتگو خدمات کی تحسین، چوہدری خالد اصغر گھرال کی قیادت میں عوامی مسائل کے حل کے لیے سرگرم ہیں، مقصود گجر نے کہا کہ ہم چوہدری خالد اصغر گھرال کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

چوہدری عکاظ ضیاء مستہ کی کاوشوں سے سوک کلاں سوئی گیس مسئلہ حل

صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کی ہدایات پر سوئی گیس عملہ نے یونیورسٹی آف گجرات کی پائپ لائن سے کنکشن کر دیا

یونین کونسل سوک کلاں کے عوام کی خدمت و تابعداری جاری رہے گی، ہر وعدہ پورا کریں گے، چوہدری عکاظ ضیاء مستہ

گجرات (وسیم گوندل سے) صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کی ہدایات پر سوک کلاں کا سوئی گیس مسئلہ حل۔ تفصیلات کے مطابق متحرک مسلم لیگی راہنما چوہدری عکاظ ضیاء مستہ (سوک کلاں) کی کاوشوں سے سوک کلاں سوئی گیس لو پریشر مسئلہ حل کروا دیا گیا۔ گزشتہ روز سوئی گیس عملہ نے سوک کلاں سوئی گیس کا پائپ یونیورسٹی آف گجرات کی مین لائن سے لنک کر کے لو پریشر کا مسئلہ کرایا جس پر علاقہ مکینوں نے چوہدری شافع حسین، چوہدری عکاظ ضیاء مستہ کو بھرپور انداز میں خراج تحسین (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 26)

وفاقی وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین، مدینہ منورہ میں پاکستان حج مشن ہسپتال کا دورہ کے موقع پر ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، احمد ندیم خان، ضیاء الرحمٰن و عملہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

انعام اللہ بٹ، ملک اعجاز العارفین بھبور کی چوہدری عابد رضا کوٹلہ سے دوران ملاقات گروپ فوٹو

گجرات پریس کلب آمد پر مفتی حنان افضل قادری، مفتی عبدالرحمٰن نعیمی، علامہ راشد تنویر قادری کا صدر سید نوید شاہ ممبران کے گلدستہ پیش کر رہے ہیں

190 ملین پاؤنڈ کیس، عمران خان کی ضمانت انکی بے گناہی کی دلیل ہے

چوہدری شاہد رضا

عمران خان ایک بار پھر صادق امین قرار، انشاء اللہ وہ دیگر جھوٹے مقدمات میں بھی جلد سرخرو ہونگے

عمران خان کو صرف سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا، عدالت نے واضح کر دیا اس کیس میں انہوں نے ذاتی مفاد نہیں لیا

کوٹلہ ارب علی خاں (عابد مرزا بشکور احمد گل) حق اور سچ کی فتح ہوئی اللہ رب العزت نے عمران خان کو ایک بار پھر سرخرو کر دیا 190 ملین پاؤنڈ کیس میں ضمانت منظور ہونا عمران خان کی بے گناہی کی دلیل ہے۔ ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری شاہد رضا کوٹلہ تفصیلات کے مطابق ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب چوہدری شاہد رضا نے میڈیا کو جاری بیان میں کہا کہ آج اسلام آباد ہائی کورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں عمران خان کی ضمانت منظور کر لی اس فیصلے نے ایک بار پھر عمران خان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

آل ورلڈ گوندل اتحاد، 25 مئی کو سالانہ کنونشن

(وائٹ روز مارکی میانی) تحصیل بھیرہ میں تقریب دوپہر 1 بجے ہوگی، انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے

''امن و محبت پیغام ہمارا'' پر عمل پیرا، برادری کی فلاح و بہبود کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار، اطلس گوندل نمبردار

گجرات (وسیم گوندل سے) پیار محبت و بھائی چارے کا سفر جاری۔ آل ورلڈ گوندل اتحاد کا سالانہ کنونشن 25 مئی کو منعقد ہو گا۔ چوہدری اطلس گوندل نمبردار (چیئرمین آل ورلڈ گوندل اتحاد) نے گزشتہ روز نمائندہ ''ڈاک'' سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ امسال آل ورلڈ گوندل اتحاد کنونشن اپنی مثال آپ ہوگا۔ آل ورلڈ گوندل اتحاد کنونشن انشاء اللہ 25 مئی بروز ہفتہ دوپہر 1 بجے (وائٹ روز مارکی میانی) تحصیل بھیرہ میں منعقد ہوگا۔ اطلس گوندل نمبردار نے کہا کہ سالانہ کنونشن (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 27)

چوہدری خالد اصغر گھرال کی عوامی خدمات لحاظ سے مثالی ہیں

چوہدری خالد اصغر گھرال حلقہ کے عوام کی محبتوں کا صلہ خدمت اور تابعداری سے دے رہے ہیں، چوہدری محمد اکرام ماجرہ

چوہدری وجاہت حسین چوہدری حسین الٰہی چوہدری خالد اصغر گھرال کی قیادت میں عوامی مسائل کے حل کے لیے سرگرم عمل ہیں

گجرات (احسان اللہ سے) ایم پی اے چوہدری خالد اصغر گھرال کی عوامی خدمات ہر لحاظ سے مثالی ہیں وہ عام آدمی کے مسائل کے حل کے لیے دن رات مصروف عمل ہے ان خیالات کا اظہار سابق بینک منیجر و راہنما مسلم لیگ ق چوہدری محمد اکرام ماجرہ نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ چوہدری خالد اصغر گھرال حلقہ کے عوام کی محبتوں کا صلہ خدمت اور تابعداری سے دے رہے ہیں، چوہدری وجاہت حسین چوہدری حسین الٰہی چوہدری خالد اصغر گھرال کی قیادت میں عوامی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

کلاچور میں صفائی مہم، ہیوی مشینری سے نالیوں کی صفائی، شہریوں کا چھڑکاؤ

چیف آفیسر مرزا مشرف بیگ کے موقع جات چیک کیے، ڈیوٹی سے غیر حاضری پر دو سینٹری ورکرز کی جواب طلبی

کلاچور میں صفائی کیلئے مستقل سینٹری ورکر کی تعیناتی، جوگی پورہ میں نالہ کی صفائی کیلئے بھی ہدایات

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) گزشتہ روز چیف آفیسر میونسپل کمیٹی جلالپور جٹاں مرزا مشرف بیگ نے صفائی کے موقع جات چیک کیے۔ دوران وزٹ دیکھا گیا کہ 2 سینٹری ورکر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر تھے جس پر انکی جواب طلبی کی گئی۔ اس کے بعد کلاچور روڈ پہ ڈیمنگ پوائنٹ سے صفائی کے کام کو چیک کیا گیا موقع پر سینٹری سپروائزر کو کلاچور روڈ پر مستقل ملازم تعینات کرنے کا حکم دیا۔ اس کے علاوہ سابق پرنسپل ابن امیر گرلز کالج کی شکایت پر بھی موقع چیک کیا گیا اور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 28)

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام حق دو کسان مارچ کی قیادت مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ، امیر صوبہ ڈاکٹر طارق سلیم، صدر ایم آئی کسان سردار ظفر و دیگر کر رہے ہیں

ایم پی اے چوہدری خالد اصغر گھرال ڈیرہ چیئرمین چوہدری مقصود گجر بھراج پر معززین علاقہ سے ملاقاتیں کر رہے ہیں ملک نوید الفضل، احسان صادق چیچی، چوہدری محمود شاہین بھی موجود ہیں

کھاریاں گورنمنٹ ایلیمنٹری اور سیکنڈری سکولز میں سکولز کونسل کے الیکشن مکمل

چوہدری فضائل اختر، چوہدری علی شان، وقار احمد نے سروانی اور چک رجادی سکولز میں الیکشن عمل کا معائنہ کیا

ڈاکٹر شیخ ارشد نے محکمہ تعلیم کے آفیسران کو الیکشن بارے بریفنگ دی، لیاقت علی قادری موجود تھے

کھاریاں (تحصیل رپورٹر) تحصیل کھاریاں کے گورنمنٹ ایلیمنٹری اور سیکنڈری سکول میں سکول کونسل کے الیکشن پُرامن طور پر عمل ہو گئے، ڈپٹی ڈی او چوہدری فضائل اختر نے اے ای او لالہ موسیٰ مرکز چوہدری علی شان اور اے ای او وقار کے ہمراہ گورنمنٹ بوائز ایلیمنٹری سکول سروانی اور چک رجادی کا کے الیکشن کے عمل کا معائنہ کیا، اور پولنگ کے عمل اور مقامی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

تاجروں سمیت شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے

شفیق مغل

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری سے) صدر مرکزی انجمن تاجران شفیق مغل نے کہا ہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 21)

چوہدری عابد رضا کی یورپ دورہ کے بعد واپسی، ڈیرہ چوہدری عبدالمالک خیر مقدم

معززین علاقہ نے ملاقات کی، ملاقات کرنے والوں میں چوہدری عباس ککرالی، چوہدری فیاض مہر، خان خرم خان تصدق حسین بٹ، انعام اللہ بٹ، ملک وقار حسین، ملک اعجاز العارفین، اظہر محمود بیگ و دیگر شامل تھے

کوٹلہ ارب علی خاں (عابد مرزا بشکور احمد گل) صدر مسلم لیگ ن گوجرانوالہ ڈویژن و سابق ایم این اے چوہدری عابد رضا کوٹلہ یورپ کے کامیاب دورے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے، ڈیرہ چوہدری عبدالمالک کوٹلہ پہنچنے پر معززین علاقہ نے خیر مقدم کیا، ڈیرہ چوہدری عبدالمالک کوٹلہ پر چوہدری عابد رضا کوٹلہ سے خیر مقدمی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 29)

پیر حامد فاروق شاہ بخاری کے اعزاز میں چوہدری کلیم مشرف انگلینڈ کا عشائیہ

چوہدری کلیم مشرف نے پیر حامد فاروق شاہ بخاری کی اپنی رہائش گاہ باہووال آمد پر شایان شان استقبال کیا ممتاز شخصیات شریک

گجرات (احسان اللہ سے) ممتاز ماہر تعلیم و دانشور مفکر پیر سید حامد فاروق شاہ بخاری شریف کے اعزاز میں چوہدری کلیم مشرف انگلینڈ کا عشائیہ دوست احباب کی کثیر تعداد شریک ہوئی چوہدری کلیم مشرف نے پیر حامد فاروق شاہ بخاری کی اپنی رہائش گاہ باہووال آمد پر شایان شان استقبال کیا ممتاز شخصیات شریک اور پیر صاحبزادہ حامد فاروق شاہ بخاری (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

ڈاکٹر پروفیسر پیر سید صاحبزادہ حامد فاروق شاہ بخاری کے اعزاز میں چوہدری کلیم مشرف باہووال (انگلینڈ) و دیگر کا گروپ فوٹو

دبئی، پیر وقاص نذیر پکھوال کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ

دوست احباب کی طرف سے پیر وقاص نذیر کا شایان شان استقبال کیا گیا

خوشگوار ماحول میں تبادلہ خیالات بھی کیا گیا، خدمات کی تحسین

گجرات (سجاد حیدر ناز سے) دبئی، پیر وقاص نذیر پکھوال کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ، دوست احباب کی طرف سے پیر وقاص نذیر کا شایان شان استقبال کیا گیا، پیر وقاص نذیر جو آج کل کاروباری دورہ پر دبئی میں موجود ہیں کے اعزاز میں روزانہ کی بنیاد پر تقریبات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

قطر۔ عاطف عظمت حسین سید کیساتھ میاں فیصل، ڈاکٹر جاوید، ڈاکٹر قمر، چوہدری شہباز کا گروپ فوٹو

شہداء کی فیملیز کا خیال رکھنا ہماری اولین ذمہ داری ہے

ڈی پی او مستنصر عطاء باجوہ

ڈی پی او مستنصر عطاء باجوہ نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد شہداء کی یادگار پر حاضری دی

لالہ موسیٰ (محمد عطاء بٹ) نئے تعینات ہونے والے DPO گجرات نے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا، ضلع میں نئے تعینات ہونے والے DPO گجرات مستنصر عطاء باجوہ نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے، DPO گجرات کا پولیس لائنز پہنچنے پر SP انویسٹی گیشن مہر محمد ریاض ناز نے پولیس افسران، DSP ہیڈ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 30)

E-Tender Notice No P-03/2024
Group Life Insurance of PRAL Employees for the Period from July 01, 2024 to June 30, 2025

Pakistan Revenue Automation (Private) Limited (acronym – PRAL). PRAL is a private limited company registered under section 32 of the companies ordinance, 1984 (XLVII of 1984 PRAL is working with federal and provincial tax and revenue agencies to provide wide variety of tax and revenue collection automation solutions, since its incorporation.

PRAL invites online e-bids / proposals from sales tax registered bidders for the subject Tender. The interested companies / firms can obtain the detailed bidding document, containing the terms and conditions, method of procurement, procedure for submission of bids, bid security, bid validity, opening of bids, evaluation criteria, clarification / rejection of bids and performance guarantee etc. through the e-Pak Acquisition & Disposal System (EPADS) or download from **https://pral.com.pk/home/viewtender.**

The bidder should be a registered supplier on the e-Pak Acquisition & Disposal System (EPADS) to participate in the subject tender. To register electronically suppliers can visit **https://eprocure.gov.pk/#/supplier/registration.**

- The bids must be submitted electronically on e-Pak Acquisition & Disposal System (EPADS) of PPRA by or before **11:00 AM, June 04, 2024** and will be opened online on the same day i.e., **June 04, 2024** at **11:30 AM** in the presence of interested bidders or their representatives who may wish to attend.
- The bidding procedure shall be governed strictly in accordance with the applicable procurement rules.
- For any clarification, please contact on the below mentioned address.

Admin & HR Department (Procurement Wing), Pakistan Revenue Automation Pvt Ltd
Software Technology Park, 2nd Floor, Service Road (North), Sector I-9/3, Islamabad – Pakistan.
Phone: (+92) 51-9259353 | Website: www.pral.com.pk
PID (I) 6953/23

ڈاکٹر صائمہ انور ڈپٹی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن سے پروفیسر شعیب بٹ کی ملاقات

گجرات کی تعلیمی صورتحال بارے تبادلہ خیالات، اہم امور بارے گفتگو کی گئی

گجرات (نمائندہ ڈاک) ڈاکٹر صائمہ انور ڈپٹی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن سے پروفیسر شعیب بٹ کی ملاقات، گجرات کی تعلیمی صورتحال (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 25)

سی بی اے سکول و کالج جنڈالہ کوٹلہ میں تین روزہ فیملی گالا 17 مئی سے شروع ہوگا

سائیلنگ ورلڈ کے تعاون سے فیملی گالا میں میجک شو، جھولے، فوڈ سٹال لگائے جائیں گے حامد قریشی

کوٹلہ ارب علی خاں (عابد مرزا بشکور احمد گل) سی بی اے سکول و کالج جنڈالہ کوٹلہ اور سائیلنگ ورلڈ کے زیر اہتمام تین روزہ فیملی گالا 17_18_19 مئی کو انعقاد پذیر ہوگا معروف تعلیمی ادارے سی بی اے سکول (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)

پیٹرول کی قیمت میں کمی خوش آئند عوام کو ریلیف ملے گا

مرزا شاہد انور

جلالپور جٹاں (تحصیل رپورٹر) مسلم لیگ ن کے ایڈیشنل سیکرٹری مرزا شاہد انور نے کہا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 24)

جلالپور جٹاں پریس کلب وفد کی اسلامیہ ہائی سکول نمبر ون کے ہیڈ ماسٹر عبداللطیف سے ملاقات

عبداللطیف کو ہیڈ ماسٹر تعیناتی پر پھولوں کے ہار پہنائے اور گلدستے پیش کر کے دلی مبارکباد دی، صدر شبیر حسین اعظم انصاری، راشد غوری، فیض احمد سیکرٹری ہمراہ تھے، عبداللطیف کے لیے نیک خواہشات کا اظہار

جلالپور جٹاں (تحصیل رپورٹر) جلالپور جٹاں پریس کلب کے وفد نے صدر شبیر حسین کی قیادت میں اسلامیہ ہائی سکول نمبر 1 کے ہیڈ ماسٹر عبداللطیف انصاری سے ملاقات کی ان کو پھولوں کے ہار پہنائے اور بکے پیش کر کے ہیڈ ماسٹر تعیناتی کی دلی مبارکباد پیش کی اس موقع پر محمد اعظم انصاری، راشد غوری، ممتاز سیاسی و سماجی شخصیت مہر فیض احمد سیکرٹری (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 23)

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 1

اظہار، پیپلز پارٹی کے چیف وہپ اعجاز جاکھرانی وزراء کی عدم موجودگی پر برس پڑے، کیا یہ مذاق ہے کوئی سرکس ہے یہ قومی اسمبلی ہے ماضی میں قومی اسمبلی میں ایسا کبھی نہیں ہوا، وزراء کو جواب دینے کیلئے یہاں پر موجود ہونا چاہیے، جناب سپیکر اس پر آپ کی رولنگ چاہیے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ میں یقین دہانی کراتا ہوں دوبارہ ایسے نہیں ہوگا۔ قومی اسمبلی کا اجلاس سپیکر قومی سردار ایاز صادق کی سربراہی میں منعقد ہوا قومی اسمبلی اجلاس میں سنی اتحاد کونسل کے رہنما عامر ڈوگر نے کہا کہ سب لوگ بات کرنا چاہتے ہیں آج شام چھ بجے تک اجلاس بلایا جائے پیپلز پارٹی کے رہنما اعجاز جاکھرانی نے کہا کہ وقفہ سوالات ہونا چاہیے اس کے بعد بے اجلاس کا دورانیہ بڑھا دیں سنی اتحاد کونسل کے رہنما اسد قیصر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے عدلیہ کو ٹارگٹ کیا جارہا ہے میں اس کی مذمت کرتا ہوں قومی اسمبلی اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ وزارت داخلہ سے کون تشریف لائے ہیں جوائنٹ سیکرٹری صاحب اگر وزیر نہیں تھے تو آپ نے کس کو بریف کیا وزارت داخلہ سے متعلق سوالات کے جوابات دینے ہیں وزارت دفاع یا اوورسیز پاکستانی وزارت کی جانب سے کوئی آیا ہے مسلم لیگ ن کے رہنما طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وزارت داخلہ کی طرف سے گزارش کی گئی ہے کہ سوالات کو موخر کردیا جائے جس پر سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے معاملہ موخر نہیں کیا جاسکتا کسی دوسرے وزیر کو بریف کرلیا جاتا پیپلز پارٹی کے چیف وہپ اعجاز جاکھرانی وزراء کی عدم موجودگی پر برس پڑے کیا یہ مذاق ہے کوئی سرکس ہے یہ قومی اسمبلی ہے ماضی میں قومی اسمبلی میں ایسا کبھی نہیں ہوا جناب سپیکر مجھے آپ کی رولنگ چاہیے وزراء کو جواب دینے کیلئے یہاں پر موجود ہونا چاہیے، جناب سپیکر اس پر آپ کی رولنگ چاہیے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ میں یقین دہانی کراتا ہوں دوبارہ ایسے نہیں ہوگا سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ اگر آپ قومی اسمبلی کو سنجیدہ نہیں لیتے تو اجلاس ملتوی کرا دیتے ہیں سیکرٹری داخلہ اور اوورسیز پاکستانیز کو میرے چیمبر میں بھیج دیں سنی اتحاد کونسل کے رہنما ثناء اللہ مستی خیل نے کہا وزراء پورے نہیں ہیں کورم بھی پورا نہیں اس انہوں نے واک آؤٹ کردیا نے واک آؤٹ کردیا سپیکر قومی اسمبلی نے قومی اسمبلی کا اجلاس پندرہ منٹ کیلئے موخر کردیا سپیکر نے وزارت خزانہ اور اوورسیز پاکستانیز کے سیکرٹریز کو چیمبر میں طلب کرلیا پیپلز پارٹی کے رہنما افراح رفیع اللہ نے کہا کہ ہم پارلیمنٹ کی تکریم کے حوالے سے خود موقع فراہم کرتے ہیں سب چیف وہپ نے نام دیئے ہیں، کمیٹیاں کیوں نہیں بن رہیں ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ قائمہ کمیٹیز کی تشکیل ہماری طرف سے مکمل ہوچکی ہے خواتین کی سیٹس معطل ہونے کی وجہ سے کچھ تبدیل کرنا پڑیں، کل شام تک سب کچھ مکمل ہوجائے گا اگلے سیشن تک سیٹنگ ارینجمنٹ بھی مکمل ہو جائے گی اس پر عامر ڈوگر نے کہا کہ ہم اپنا کام مکمل کرچکے ہیں بائیس اراکین معطل ہونے کی وجہ کیپوزیشن تبدیل ہوئی سپیکر کی ہدایت کے مطابق وقت ہران کو آگاہ کردیں گے ایم کیو ایم کے رہنما آمین الحق نے کہا کہ ہم نے اپنی لسٹیں طارق فضل چوہدری کے حوالے کی ہیں گذارش ہے جلد از جلد ان معاملات کو مکمل کرلیں وفاقی وزیر ریاض حسین پیرزادہ نے کہا کہ وزیر داخلہ نے وزیر اعظم کے ساتھ کشمیر جانا تھا انہوں نے کسی اور کو بھی ذمہ داری نہیں دی گذارش ہے وقفہ سوالات کو اگلے دن تک موخر کردیں میں یقین دہانی کراتا ہوں مستقبل میں وزراء ذمہ داری پوری کریں گے وقفہ سوالات موخر کردیا گیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 2

اعجاز رحمانی، زاہد اشرف، اور الطاف حسین وانی کے علاوہ آزاد جموں وکشمیر کے وزیر اعظم چوہدری انوار الحق اور وفاقی وزراء بھی موجود تھے۔ اس موقع پر حریت رہنماؤں نے آزاد جموں وکشمیر کی حالیہ صورتحال پر قابو پانے کے حوالے سے وزیر اعظم پاکستان کے کردار پر انہیں خراج تحسین پیش کیا اور جموں وکشمیر کی حیثیت کے حوالے سے بھارت کے غیر قانونی یکطرفہ اقدام کی توثیق کی مذمت اور کشمیریوں سے اظہار یکجہتی پر حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے حریت رہنماؤں کو یقین دہانی کرائی کہ پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی سطح پر ہمیشہ حمایت جاری رکھے گا گیمبیا میں ہونے والے او آئی سی اجلاس میں پاکستان نے جموں وکشمیر کا مقدمہ بھرپور طریقے سے پیش کیا کشمیر کا مقدمہ بین الاقوامی سطح پر مزید بہتر طریقے سے اجاگر کرنے کے لئے وزارت خارجہ اور بیرون ملک پاکستانی مشنز مزید بہتر طریقے سے اپنا کردار ادا کریں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستانی میڈیا مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی مظالم کے حوالے سے دنیا کو آگاہ کرنے میں اپنا کردار ادا کرے ہم واضح طور پر بھارتی غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر (IIOJK) کی حیثیت سے متعلق بھارت کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدام کو مسترد کرتے ہیں۔ شہباز شریف نے وزیر امور کشمیر وگلگت بلتستان انجینئر امیر مقام کو حریت رہنماؤں سے روابط مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ تنازعہ ہے، جو سات دہائیوں سے زیادہ عرصے سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر حل طلب ہے انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے مستقبل کا حتمی فیصلہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے بھارت اپنی نام نہاد قانون سازی اور عدالتی فیصلوں کی آڑ میں اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں سے دستبردار نہیں ہوسکتا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 3

نے مالی سال 2025 میں تقریباً 40 کھرب روپے کی آمدنی کی ضرورت کو پورا کرنے کی غرض سے باضابطہ طور پر بجلی کی کمپنیوں کے لیے یکم جولائی 2025 سے بنیادی قومی بجلی کے نرخوں میں تقریباً 25 فیصد اضافے کی درخواست کی ہے۔ 51 ارب 88 کروڑ روپے کا بوجھ ڈالنے کی درخواست مالی سال 2023-24 کی تیسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کیلئے دائر کی گئی۔ وفاقی حکومت کی پالیسی گائیڈ لائنز کے مطابق منظوری کی صورت میں اضافے کا اطلاق کراچی کے صارفین پر بھی ہوگا۔ نیپرا اتھارٹی کل درخواست پر سماعت کرے گی۔ دوسری جانب بجلی صارفین پر الگ سے مزید 310 ارب روپے کا مزید اضافی بوجھ ڈالنے کی درخواست بھی آگئی۔ بجلی کے بنیادی ٹیرف میں 5 روپے فی یونٹ تک اضافہ متوقع۔ سی پی پی اے کی درخواست پر نیپرا 23 مئی کو سماعت کرے گا۔ نیپرا نے سی پی پی اے کی جانب سے پاور کمپنیوں کی طرف سے دی گئی مالی سال 2025 کے مجموعی پاور پرچیزنگ پرائس کی قیمت میں 4.40 روپے سے 6 روپے تک اضافے کی درخواست کرتے ہوئے بجلی کے لیے 7 مختلف منظرنامے پیش کیے ہیں۔ ان تخمینوں کے تحت، اگلے سال ایک لاکھ 31 ہزار سے ایک لاکھ 39 ہزار گیگا واٹ پاور بجلی کی فروخت متوقع ہے۔ جس سے طلب میں 3 فیصد سے 5 فیصد تک اضافہ ہوگا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 4

آئندہ تاریخ کا اعلان پنچ کی دستیابی کی صورت میں ہوگا۔ چیف جسٹس نے ایڈووکیٹ خواجہ حارث سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ کیا آپ بھی کہیں جا رہے ہیں، جس پر خواجہ حارث نے جواب دیا کہ میں ادھر ہی ہوں، جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ درخواست گزار اڈیالہ جیل سے کہیں نہیں جا رہے، جسٹس اطہر من اللہ کے جملے پر بانی پی ٹی آئی سمیت وکلا کا عدالت میں قہقہہ لگ گیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 5

مزدوروں کے چولہے ٹھنڈے کر دیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں موجود لیبر فورس کو جدید سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے قومی ترقی اور خوشحالی میں محنت کش طبقے کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 6

اور ملک کی شہریت یا رہائش رکھنا نااہلیت نہیں ہے۔ کسی بھی وکیل سے ہائی کورٹ کا جج بنتے وقت دہری شہریت کی معلومات نہیں مانگی جاتیں۔ رجسٹرار آفس نے مزید کہا کہ جسٹس اطہر من اللہ نے 6 ججز کے خط پر از خود کیس کی کارروائی میں اس بات کو واضح کیا کہ جسٹس بابر ستار کے گرین کارڈ کے معاملے پر سپریم جوڈیشل کونسل میں بات ہوئی ہے۔ سپریم جوڈیشل کونسل نے مشاورت اور غور کے بعد جسٹس بابر ستار کو بطور جج مقرر کرنے کی منظوری دی۔ جواب میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ جوڈیشل کمیشن میں ہونے والی باتوں کا ریکارڈ نہیں رکھتی۔ ہائیکورٹ کی پریس ریلیز میں وضاحت کی گئی تھی کہ جسٹس بابر ستار نے اس وقت کے چیف جسٹس کو بتایا تھا کہ وہ گرین کارڈ رکھتے ہیں۔ یاد رہے کہ سینیٹر فیصل واؤڈا نے جسٹس بابر ستار کی جانب سے تعیناتی سے قبل گرین کارڈ ہولڈر ہونے سے متعلق معلومات فراہم کرنے کی درخواست کی تھی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 7

راولپنڈی پولیس کو یہ کہہ چکے ہیں کہ نہ صرف ان کے خلاف ایک انکوائری الیکشن کمیشن میں زیر التوا ہے بلکہ ان کے خلاف ایک محکمانہ انکوائری بھی ہو رہی ہے اور وہ اپنے دفاع کے لئے دونوں انکوائریوں میں پیش ہو رہے ہیں لہٰذا اس سے یہ واضح ہے کہ الیکشن کمیشن اور محکمانہ انکوائری میں الزامات ثابت ہونے پر ان کے خلاف قانونی کاروائی یقینی ہے اس صورتحال میں الگ سے مقدمہ کے اندراج کا کوئی جواز نہیں بنتا یاد رہے کہ ارسلان احمد اور زیب فیاض ایڈووکیٹ نے سابق کمشنر کے خلاف مقدمہ کے اندراج کے لئے ضابطہ فوجداری کی دفعہ A-22 اور B-22 کے تحت عدالت میں درخواست دائر کی تھی سی پی او راولپنڈی اور ایس ایچ او تھانہ سول لائن کو فریق بناتے ہوئے درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ سابق کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے پریس کانفرنس میں حالیہ انتخابات میں ڈویژن بھر میں ریٹرننگ افسران کے ذریعے انتخابی بے ضابطگیوں اور دھاندلی کا اعتراف کیا یہ پریس کانفرنس ملک کے مختلف ٹی وی چینلوں پر نشر ہوئی سابق کمشنر کی جانب سے اپنے جرائم کے اعتراف کے فوری بعد درخواست گزار نے متعلقہ پولیس کو مقدمہ کے اندراج کے لئے درخواست دی لیکن پولیس نے آج تک ان کی درخواست پر کوئی کاروائی نہیں کی درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ سابق کمشنر اور اس کے شریک ملزمان کے خلاف مقدمہ کے اندراج کا حکم جاری کیا جائے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 8

۔اجلاس میں روٹی کی قیمت میں کمی پر عملدرآمد ۔ستھرا پنجاب پروگرام اور گورننس کی بہتری کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری صنعت، ایڈیشنل آئی جی پیٹرول برانچ اور متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ سیکرٹری بلدیات، تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، پروگرام کا مقصد شہروں کی طرز پر دیہی علاقوں میں سہولیات کی فراہمی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے ڈی جی خان میں دیگر ڈویژنز کے مقابلے میں روٹی کی کم قیمت پر فراہمی یقینی بنانے پر کمشنر ڈاکٹر ناصر محمود بشیر کی تعریف کی اور کہا کہ ڈی جی خان، راجن پور میں روٹی 13 روپے جبکہ مظفر گڑھ، کوٹ ادو اور لیہ میں 12 روپے کی قیمت پر دستیاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق انتظامی افسران کی کارکردگی کا روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لیا جائے گا اور کارکردگی کے لحاظ سے اضلاع کی درجہ بندی کی جائے گی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ آوارہ کتے انسانی جانوں کیلئے خطرہ بن رہے ہیں، ڈپٹی کمشنرز آوارہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات کی روک تھام کیلئے لائحہ عمل تیار کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ہسپتالوں میں اینٹی ریبیز ویکسین کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔ محکمہ صنعت اور بلدیات کے حکام نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ روٹی کی قیمتوں کی کڑی مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔ لاہور، راولپنڈی اور مری میں نرخوں میں مزید کمی کر کے 35 اضلاع میں روٹی کی قیمت 15 روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ ڈی جی خان، راجن پور میں روٹی کی قیمت 13 روپے، مظفر گڑھ، کوٹ ادو اور لیہ میں 12 روپے مقرر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ روٹی کی قیمت سے متعلق 7312 شکایات میں سے 5917 کا ازالہ کردیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 9

پارٹی'' تجویز کیا گیا ہے جس کی رجسٹریشن کے لئے درخواست الیکشن کمیشن میں جمع کرائی جائے گی، اس پارٹی کا لوگو، ترانہ اور رکنیت فارم تیار کر لئے گئے ہیں، پارٹی کے مرکزی رہنماؤں میں شاہد خاقان عباسی کے علاوہ مفتاح اسماعیل، مصطفیٰ نواز کھوکھر، سردار مہتاب عباسی، جاوید عباسی ودیگر شامل ہیں ۔ذرائع نے بتایا کہ شاہد خاقان عباسی اور مفتاح اسماعیل آج جمعہ کو اسلام آباد میں دیگر اراکین کے ساتھ پریس کانفرنس میں باقاعدہ طور پر نئی پارٹی کا اعلان اور مستقبل کا لائحہ عمل بتائیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 10

درخواست نا قابل سماعت قرار دے کر خارج کی ۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ سینیٹر اسحاق ڈار وزیر خارجہ کے عہدے پر تعینات ہیں، جنہیں نائب وزیر اعظم بھی مقرر کردیا گیا ہے، آئین میں نائب وزیر اعظم کا عہدہ ہی موجود نہیں لہٰذا عدالت اسحاق ڈار کی بطور نائب وزیر اعظم تقرری کالعدم قرار دے۔ وفاقی حکومت کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ اسحاق ڈار کی بطور نائب وزیر اعظم تعیناتی نہیں بلکہ نامزدگی ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا نائب وزیر اعظم کو کوئی تنخواہ مل رہی ہے؟۔ جس پر وفاقی حکومت کے وکیل نے بتایا کہ اسحاق ڈار کو صرف وزیر خارجہ کی ہی تنخواہ مل رہی ہے، قانون کے مطابق وزیر اعظم کسی عہدے کے لیے کسی شخص کو نامزد کرسکتا ہے۔ عدالت نے تمام دلائل سننے کے بعد اسحاق ڈار کی بطور نائب وزیر اعظم تقرری کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا تھا جس پر جمعرات کو ہونیوالی سماعت میں درخواست نا قابل سماعت قرار دیتے ہوئے مسترد کردی گئی۔ یاد رہے کہ 28 اپریل کو وزیر اعظم شہباز شریف نے وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کو ملک کا نائب وزیر اعظم مقرر کیا تھا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 11

منعقد کی جائیں گی جس سے خطاب کرتے ہوئے ماہرین صحت اور مقررین بلڈ پریشر کے اسباب اور اس کے علاج و پرہیز کے متعلق معلومات فراہم کریں گے۔ ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں سالانہ ایک لاکھ افراد بلڈ پریشر کے مرض کے باعث زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں پاکستان بھر میں دو کروڑ سے زائد افراد بلڈ پریشر کے مرض میں مبتلا ہیں جبکہ مرض کی شرح پھیلاؤ میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ بلڈ پریشر کے مرض سے امراض دل، دماغی شریان پھٹنے اور گردوں کے امراض لاحق ہو سکتے ہیں جو کہ جان لیوا ثابت ہو سکتے ہیں۔ معروف طبیب حکیم عبدالمجید سلیمانی کہنا ہے کہ بلڈ پریشر کے مرض سے محفوظ رہنے کیلئے سادہ طرز زندگی اپنایا جائے مرغن غذاؤں سے پرہیز کیا جائے اور ورزش کو معمولات زندگی کا حصہ بنایا جائے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 12

پشاور میں انٹرنیشنل نرسز ڈے کی مناسبت سے دو روزہ تقریبات کا انعقاد کیا گیا، تقریبات کا مقصد نرسز سٹاف کی بہترین کارکردگی کی حوصلہ افزائی کرنا تھی، پوری قوم نرسز سٹاف کی بے لوث خدمت کی معترف ہے، اس حوالے سے سی ایم ایچ پشاور میں ایک کانفرنس بھی منعقد ہوئی، کانفرنس میں بہترین کارکردگی دکھانے والی نرسز سٹاف کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 13

18 ہزار 782 میگاواٹ ہے، ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق پن بجلی ذرائع سے بجلی کی پیداوار 5 ہزار 5 سو میگاواٹ ہے، سرکاری تھرمل پاور پلانٹس 6 سو میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں، آئی پی پیز سے بجلی کی پیداوار 8 ہزار 2 سو میگاواٹ ہے، ونڈ پاور پلانٹس سے 7 سو میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے، سولر سے 157 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے، بگاس سے 278 میگاواٹ اور نیوکلیئر پاور پلانٹس سے 3300 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے ،ملک کے شہری علاقوں میں لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ 6 سے 8 گھنٹے کردیا گیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 14

فتح پور ممتاز سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری محبوب ظفر ربانی کی لاہور میں چوہدری شافع حسین چوہدری خالد اصغر گھرال چوہدری عبداللہ یوسف چوہدری اعجاز احمد رنیاں چوہدری عبداللہ یوسف ایم پی ایز سے خصوصی ملاقات اہم امور پر تبادلہ خیالات، تفصیلات کے مطابق چوہدری شافع حسین چوہدری خالد اصغر گھرال چوہدری عبداللہ یوسف اعجاز رنیاں سے محبوب ربانی ظفر کی ملاقات، لاہور میں ہونیوالی ملاقات میں چوہدری محبوب ربانی ظفر نے گجرات کے ممبران پنجاب اسمبلی کی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا چوہدری صاحبان کی زیر قیادت مسلم لیگ ق ملک کو بحرانوں ومسائل کی دلدل سے نکالے گی ہر شعبہ میں بہتری آرہی ہے، چوہدری محبوب ربانی ظفر نے مزید کہا کہ ہم عوام کے مسائل کے حل کے لیے کسی بھی اقدام سے گریز نہیں کریں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 15

کی جانب سے پٹرول 15 روپے سستا کیا گیا لیکن پٹرول پمپ مالکان ابھی بھی پرانے ریٹ پر پٹرول عوام کو لوٹنے لگے ہیں۔ مہنگا پٹرول دینے پر جب پوچھا جاتا ہے تو ان کا جواب ہوتا ہے کہ ہمارے مالکان کا آفیسرز کے ساتھ تعلقات ہیں۔ عوام نے ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک سے کارروائی کی اپیل کی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 16

اس موقع پر چوہدری اشرف سندرانہ چوہدری رشید احمد کالس ماسٹر الیاس ممبر چوہدری مسعود گجر ممبر عبدالرؤف چوہدری ہارون مرتضی حکیم حفیظ گوندل چوہدری مبارک اللہ ایڈووکیٹ چوہدری افضل گجر ٹھسٹ آباد سے بھائی شاہد بھائی وارث نمبردار چوہدری حنیف سیال بھی کسانہ کی بیگ ٹیم چوہدری ضیا اللہ اور دیگر دوست احباب بھی موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 17

کو صادق اور امین قرار دے دیا ثابت ہوا کہ دوسرے مقدمات کی طرح یہ کیس بھی سراسر بے بنیاد اور جھوٹا تھا۔ جو صرف عمران خان کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کی خاطر بنایا گیا تھا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے اپنے فیصلے میں واضح کر دیا کہ عمران خان نے 190 ملین پاؤنڈ سے ایک پائی کا ذاتی مفاد نہیں لیا ہمیں عدالتوں سے انصاف کی قوی امید ہے اور توقع رکھتے ہیں کہ جلد باقی مقدمات میں بھی عمران خان سرخرو ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 18

مسائل کے حل کے لیے سرگرم عمل ہیں ہم اپنے والد کے خدمت مشن پر پختگی سے کاربند ہیں اور ہمارے دروازہ ہر خاص وعام کے لیے کھلے ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 19

استاندہ کے انتظامات پر اعتماد کا اظہار کیا، اس موقع پر صدر مدرس ایلیمنٹری سکول چک رجادی ڈاکٹر ارشد شیخ نے ڈپٹی ڈی او اور سکول کونسل کے الیکشن کو وزٹ کرنیوالے مقامی صحافی لیاقت علی قادری کو سکول کونسل کے الیکشن اور بچوں کی دلچسپی کے متعلق بریفنگ دی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 20

کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور فروغ تعلیم کے لیے ان کی صلاحیتوں کو سراہا گیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 21

کہ تاجروں سمیت شہریوں کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے وہ تاجر برادری کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں جبکہ شہر کے مسائل حل کرنے کے لئے وہ اور انکے تمام ساتھی مختلف محکموں کے آفیسران کے ساتھ مکمل رابطے میں ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 22

وکالج میں سکول انتظامیہ اور سائنگ ورلڈ کے زیر اہتمام تین روزہ فیملی گالا کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں علاقے بھر کے تعلیمی اداروں اور فیملیز کو خصوصی دعوت ہے کہ وہ اس رنگا رنگ فیملی گالا میں شرکت کریں اور بیک شو جھولوں فوڈ سٹالز سے بھرپور لطف اندوز ہوں سائنگ ورلڈ کے سی او حامد قریشی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بی اے سکول اور ہمارا مشترکہ پراجیکٹ اس لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے کہ ہم نے کوٹلہ ارب علی خان اور اس کے مضافات کے لئے ایک بھرپور فیملی گالا سجایا ہے جو کہ زندگی کے مصروف ترین لمحات میں، افراتفری کے اس دور میں تازہ ہوا کے جھونکا ثابت ہوگا کوٹلہ اور مضافات کے تمام سرکاری اور پرائیویٹ تعلیمی ادارے دینی مدارس اور فیملیز کے لئے ایک خوبصورت منظر دیکھنے کو ملے گا لہٰذا ہماسب کو دعوت ہے کہ 17-18-19 کو ضرور سی بی اے سکول وکالج جنڈالہ کے گراؤنڈ میں ہونے والے اس فیملی گالا میں لازمی تشریف لائیں ہم آپ کے استقبال کے لئے وہاں موجود ہوں گے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 23

بھی موجود تھے وفد نے عبداللطیف انصاری کی بطور ہیڈ ماسٹر تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ وہ باصلاحیت اور قابل استاد ہیں اور بہترین منتظم ہونے کی حیثیت سے سکول کے معیار کو بہتر بنائیگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 24

ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے اور مہنگائی کم کرنے کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے اس کا ثبوت پٹرول کی قیمت میں کمی ہے اس سے عوام کو بھرپور ریلیف ملے گا انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف کی قیادت میں وزیر اعظم شہباز شریف وزیر اعلیٰ مریم نواز نے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کردیا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 25

بارے تبادلہ خیالات، اہم امور بارے گفتگو کی گئی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شعیب بٹ نے مس صائمہ انور کی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 26

پیش کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری محافظ ضیاء متہ صحیح معنوں میں خدائی خدمتگار عوام کے مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کرانے میں پیش پیش ہیں۔ سوئی گیس پائپ لائن لنک کے موقع پر چوہدری محافظ ضیاء متہ، حاجی محمد رمضان (چیئرمین قائد گرائمر سکول سوک کلاں)، چوہدری سلیم پنواری، مہر جاوید باغ والا، مہر شبیر حسین سلیمی، سابق کونسلر مہر تنویر ولایت،، مہر اشفاق، چوہدری فیصل نواز سندھو، مہر عرفان ودیگر موجود تھے۔ چوہدری محافظ ضیاء متہ نے کہا کہ سوک کلاں کے مسائل حل کرانا اپنی ذاتی ذمہ داری سمجھتا ہوں میں خود کو خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ علاقہ کے عوام کی خدمت وتابعداری کا مجھے موقع ملا۔ انشاء اللہ الیکشن میں کیا گیا ہر وعدہ پورا ہوگا۔ چوہدری شافع حسین، چوہدری سالک حسین کو یونین کونسل سوک کلاں کے دیگر دیرینہ مسائل بارے بھی آگاہ کر چکے ہیں انشاء اللہ جلد تمام وعدے پورے ہونگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 27

تقریب کے دعوت نامے تمام گوندل برادری کے سرکردہ راہنماؤں سمیت آل ورلڈ گوندل اتحاد کے تمام عہدیداران ومبران کو پہنچا دیئے گئے ہیں کنونشن میں گوندل برادری کی فلاح و بہبود بہتری کیلئے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا جائیگا، آل ورلڈ گوندل اتحاد گوندل برادری کی بڑی اور واحد تنظیم ہے جس میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے گوندل برادری کے ممبران شامل ہیں۔ ہم سالانہ کنونشن میں آمد پر تمام گوندل برادران کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے ویلکم کہتے ہیں۔ سالانہ کنونشن کی تیاریوں کو حتمی شکل دی جارہی ہے ہماری ٹیم کنونشن کی کامیابی کیلئے شب روز مصروف عمل ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 28

سیکرٹری وائز کو ہدایت کی گئی کہ وہ کام صفائی کو مزید بہتر بنائے۔ اس کے علاوہ شہر جلالپور جٹاں میں پانی کا چھڑکاؤ کو بھی چیک کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ جوگی پورہ روڈ سے مین نالہ کی صفائی کو یقینی بنانے کے لئے متعلقہ سپروائزر کو ہدایت کی گئی کہ وہ آج ہی مین نالہ کی صفائی کروائے تاکہ پانی کی ترسیل بہتر انداز میں ہوسکے۔ مزید یہ کہ محلہ جوگی پورہ میں فریقین کے درمیان گندے پانی کے نکاس کے مسئلہ کو چیک کیا گیا اور موقع پر اس کا حل کردیا گیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 29

ملاقات کرنے والوں کا تانتا بندھ گیا، ملاقات کرنے والوں میں نمایاں شخصیات میں چیئرمین چوہدری محمد عباس گکرالی، چوہدری محمد فیاض مہر گکرالی، خان خرم خان حسن پٹھان، تصدق حسین بٹ کوٹلہ، انعام اللہ بٹ کوٹلہ (صدر یوتھ ونگ حلقہ این اے 62)، ملک وقار حسین پہاڑے، ملک اعجاز العارفین صبور، اظہر محمود بیگ حسن پٹھان، حاجی غیاث جاوید حسن پٹھان، چوہدری محمد یوسف چن کوٹلہ، ملک حمید اعوان آدم چوہان، ملک ناظم حسین میاں چوہان، ملک علی اعوان پہاڑے، حاجی عبدالغفور بھٹی، چوہدری حبیب الرحمٰن ڈھیری، سمیت دیگر ممتاز شخصیات موجود تھیں

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 30

کوآرڈینیشن اقبال، RI انسپکٹر محمد سلیم PSO راحیل عباس، PRO فواد سلیم، کورس کوارڈینیٹر انسپکٹر مہر سلیم اور MTO منیر بٹ کے ہمراہ استقبال کیا، جوانوں کے چاک چوبند دستے نے انہیں سلامی دی جس کے بعد انہوں نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، اس موقع پر DPO گجرات نے کہا کہ شہدا ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے اپنی جان وطن کی خاطر قربان کی، شہدا کی فیملیز ہماری اپنی فیملیز ہیں جن کا خیال رکھنا ہمارا اولین فرض ہے۔ پولیس لائنز کے بعد DPO کمپلیکس میں DSP لیگل اختر محمود گوندل نے ہیڈ آف برانچز کے ہمراہ DPO گجرات مستنصر عطاء باجوہ کا استقبال کیا،

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 31

چوہدری شافع حسین چوہدری سالک حسین گجرات کے سیوریج سمیت دیگر مسائل حل کروائینگے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 32

بیت المقدس اور فلسطین کی آزادی سے ہی دنیا میں امن قائم ہوگا اسرائیل کی ناجائز صیہونی ریاست دنیا میں دہشت گردی کی واحد وجہ ہے فلسطینیوں کی نسل کشی کی تیاری ہو چکی ہے مسلمان ممالک اپنی فوجیں میدان میں اتاریں۔ اقوام متحدہ سمیت انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں سے امیدیں وابستہ کرنا بے سود ہے اسرائیل کے اقدامات سراسر دہشت گردی ہے معصوم بچوں کے قتل عام کی کسی قانون میں اجازت نہیں غزہ میں پانی اور بجلی کی بندش اسرائیل عزائم کو ظاہر کرتے ہیں۔ عالمی برادری اس کا فوری نوٹس لے فلسطین پر حملہ جنگی جارحیت ہے صیہونی ریاست اسرائیل کے ناجائز قبضے کے خلاف اہل فلسطین کی جدوجہد آزادی کی جنگ ہے حالیہ اسرائیل کے جواب میں فلسطین مزاحمت کو دہشت گردی قرار دینا سراسر ظلم اور ناانصافی ہے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 33

افراد کے پاس جاتا اور چلان کرنے کی غرض سے کاروباری افراد سے پیسوں کا تقاضا کرتا تھا، گرشتہ روز اے سی گجرات

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 1

پاکستان قاضی فائز عیسیٰ اور بانی چیئرمین ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرا رہے رہے۔ نیب ترامیم کیس میں بانی چیئرمین عمران خان ویڈیو لنک کے ذریعے پیش ہوئے ،عمران خان نے نیلے رنگ کی ہاف بازو شرٹ پہن رکھی تھی ،دوران سماعت چیف جسٹس نے عمران خان کی طرف دیکھتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ عمران خان سوالات نوٹس کرلیں ہم ان سے جواب لیں گے ،اس دوران چیف جسٹس ریمارکس کے ساتھ زیر لب مسکرا دیئے ،عمران خان نے چیف جسٹس کی زیر لب مسکراہٹ کو دیکھ کر منہ پر ہاتھ رکھ کر مسکرا دیئے ،دوران سماعت عمران خان نے ساتھ موجود پولیس اہلکاروں کو پاس بلا لیا اور اپنے چہرے پر تیز روشنی پڑنے کی شکایت کی ، شکایت کرنے پر اہلکاروں نے لائٹ کو ایڈجسٹ کردیا۔دوران سماعت بانی پی ٹی آئی کبھی جج کی طرف دیکھتے اور کبھی جیل میں ساتھ بیٹھے شخص سے باتیں کرتے رہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 2

ضلع گجرات کے صدر نوابزادہ طاہر الملک، کوآرڈی نیٹر مسلم لیگ ن یوتھ ونگ ضلع گجرات چوہدری علی وڑائچ کلاچور کی ڈیرہ ڈیرہ کوٹلہ پر اہم میٹنگ ،ضلع گجرات سمیت ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیالات کیا گیا، آئندہ کے لائحہ عمل بارے مشاورت کی گئی ،مکمل اظہار یکجہتی کا اظہار ،مل کر چلنے اور پارٹی کی مضبوطی کے لئے ہمہ وقت کوشاں رہنے کا عزم ،ڈیرہ کوٹلہ پر ہونے والی ملاقات میں ان لگی ساتھیوں نے آئندہ بلدیاتی الیکشن کے حوالہ سے بھی مشاورت کی اور تجاویز کا تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 3

میں دونوں طرفہ تعلقات سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیالات کیا گیا، اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر سید عطاء الرحمٰن ، ڈائریکٹر سہولت وتعاون احمد ندیم خان، ڈائریکٹر جج مدینہ ضیاء الرحمٰن ودیگر بھی اکے ہمراہ تھے۔دونوں فریقین کے درمیان تحائف کا بھی تبادلہ کیا گیا، ملاقات میں پاکستانی حجاج کرام کوچ بیت اللہ کے دوران فراہم کی جانیوالی سہولیات بارے بھی تجاویز دی گئیں اور کہا کہ قانون کے سامنے سب برابر ہیں پاکستان ہمارا برادر اسلامی ملک ہے انشاء اللہ بھرپور تعاون کریں گے بعد ازاں چوہدری سالک حسین نے عازمین حج کیلئے مدینہ منورہ میں پاکستان حج مشن کی جانب سے قائم کیے جانیوالے ہسپتال کا دورہ کرتے ہوئے ایس او پیز کا بھی مشاہدہ کیا انہوں نے ادویات سٹور سمیت دیگر شعبہ جات بھی وزٹ کیا اور متعلقہ حکام کو خصوصی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ حجاج کرام کو بھرپور سہولت فراہم کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 4

گاڑی میں موجود ملزمان نے گاڑی موڑ کر فرار ہونے کی کوشش کی۔جس سے گاڑی بے قابو ہوکر روڈ سے ملحقہ دکان کے بورڈ سے ٹکرا کر رک گئی۔ چار مسلح ملزمان اندھا دھند فائرنگ کرتے ہوئے گاڑی سے نکل کر فرار ہوگئے۔ فرار ہونے والے ایک ملزم کی شناخت فیصل شہزاد سکنہ ہنج کے نام سے ہوئی۔ پولیس نے بعد ازاں گاڑی کو چیک کیا تو ایک کس اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے مضروب گاڑی میں پسٹل سمیت موجود پایا گیا مزید گاڑی میں سے شراب، آئس اور آکس نشہ کرنے کے لیے آلات بھی برآمد ہوئے۔مضروب کی شناخت شریز عرف شانی سکنہ باہروال کے نام سے ہوئی۔ جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر وہ بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہلاک ہوگیا۔فرار ہونے والا ایک ملزم فیصل منشیات ، اقدام قتل اور ناجائز اسلحہ کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے۔اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہونے والا ملزم شریز چوری اور ڈکیتی کے مقدمات میں ملوث تھا۔فرار ہونے والے ملزمان کی تلاش کے لیے پولیس ٹیموں کا علاقہ میں سرچ آپریشن اور چھاپے جاری ہیں واقعہ کا مقدمہ تھانہ گجرات میں درج کیا جا رہا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 5

مارچ" کسان بچاؤ مارچ مسجد شہدا تا وزیر اعلیٰ پنجاب ہاؤس کے سامنے دھرنے کیلئے ریلی کا اہتمام کیا گیا جس کی قیادت مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمان ،مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ ،امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم اور مرکزی صدر جے آئی یوتھ رسل خان بابر، امیر وسطی پنجاب مولانا جاوید قصوری ،امیر جنوبی پنجاب راؤ محمد ظفر نے کی ،ریلی میں جماعت اسلامی کے ہزاروں کارکنان وکسانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ، جماعت اسلامی کا مارچ کئی کلومیٹر پر محیط تھا جس میں شہری ،کسان حکومتی پالیسیوں کے خلاف بینرز اٹھائے سراپا احتجاج تھے، حق دو کسان مارچ میں امیر صوبہ پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم پرجوش انداز میں پر عزم قیادت ،کسانوں سمیت ہر مظلوم کیساتھ کھڑا ہونے ،ظالم کو بھاگنا ہوگا ،چور چوکیداروں کو ایک دھکا اور دو سمیت دیگر نعرے لگاتے نظر آئے ،شرکاء مارچ پنجاب ہاؤس کے سامنے جمع ہوئے جہاں پر جماعت اسلامی کی مرکزی وصوبائی قیادت نے خطابات کیے امیر صوبہ پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمان ،نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ ،صدر جے آئی کسان بورڈ سردار ظفر حسین ،صدر جے آئی یوتھ پاکستان رسل خان بابر ،صوبائی صدر جے آئی یوتھ شمالی پنجاب میاں یاسر علی گجر ودیگر رہنماؤں سے بھی ملاقاتیں کیں بعد ازاں شرکاء پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 6

نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ حکمرانوں سے کسانوں کی ایک ایک پائی کا حساب لیں گے، کروڑوں کسان ہیں اگر متحد ہو جائیں تو نہ بچا کچھ کرسکتا ہے نہ بچیگی۔لاہور میں جماعت اسلامی کی جانب سے ایوان وزیر اعلیٰ تک کسان مارچ کیا گیا۔کسان مارچ سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی حکومت فارم 47 کی جعلی حکومت ہے، جہاں کسانوں کا استحصال ہو رہا ہے، کسان کو برباد کر کے کبھی خوشحالی نہیں ہوسکتی، اس مافیا کے خلاف ایک تحریک چلانے اور اسے تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ہم پر پیکا، گیس پیٹرول کے بم گرائے جاتے ہیں، آئی ایم ایف سے بھیک لیتے ہیں، جماعت اسلامی 25 کروڑ عوام کا مقدمہ لڑے گی، ان وڈیروں، سرمایہ داروں اور خون چوسنے والوں سے آزادی دلائیں گے، ملک ان جاگیرداروں کے لیے نہیں بنا جو کسانوں کا حق کھاتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 7

اجلاس منعقد ہوا۔کیٹی کے سربراہ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس کی صدارت کی۔محکمہ صنعت وتجارت کے کمیٹی روم میں منعقدہ اجلاس میں صنعتی شہر کے لئے زمین کے انتخاب کے حوالے سے مختلف آپشنز پر غور کیا گیا۔صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گارمنٹس اور ٹیکسٹائل کا صنعتی شہر 2000 ایکڑ رقبے پر بنے گا۔صنعتی شہر بننے سے ٹیکسٹائل سیکٹر فروغ پائے گا۔اس لئے گارمنٹ سٹی کے منصوبے کو تیز رفتاری سے آگے بڑھایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس کے حوالے سے نئی پالیسی لارہے ہیں جس کے تحت زرعی زمین پر کوئی انڈسٹریل اسٹیٹ نہیں بنے گی۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ نئے صنعتی شہر کے قیام کے لئے تجاویز کو آئندہ 3 روز تک حتمی شکل دی جائے اور گارمنٹ سٹی میں سولر انرجی کے حوالے سے ورکنگ کی جائے۔تیار کردہ سفارشات منظوری کیلئے وزیر اعلیٰ کو پیش کی جائیں گی۔اجلاس میں مختلف ممالک میں موجود گارمنٹس سٹیز کا بھی جائزہ لیا گیا۔سیکرٹری صنعت و تجارت احسان بھٹہ، چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر ریٹائرڈ محمد ساجد کھوکھر، چیئرمین پیڈک، سی ای او پیڈک، سی ای او پنجاب سرمایہ کاری بورڈ اور متعلقہ افسران بھی ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 8

کی پیشگوئی کردی گئی ۔انتباہ میں کہا گیا ہے کہ 15 سے 30 مئی کے دوران درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک جاسکتا ہے جس کے باعث رواں ماہ 2 ہیٹ ویو آنے کے خدشات ہیں۔این ڈی ایم اے اور این سی او سی مطابق ہیٹ ویو کا پہلا اسپیل 2 سے 3 دنوں اور دوسرا 4 سے 5 دنوں پر محیط ہوگا، جون کے پہلے 10 دنوں میں درجہ حرارت 45 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے سے ہیٹ ویو کا تیسرا اسپیل بھی آئے گا جو 3 سے 5 دنوں پر محیط ہوگا۔ہیٹ ویو سے سندھ کے اضلاع عمر کوٹ، تھرپارکر، نصرت پور اور رحیم یار خان متاثر ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 9

کا دورہ کیا اور نئے تعینات ہونے والے ڈی پی او گجرات مستنصر عطاء ؒ باجوہ کو گجرات کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔وفد میں چوہدری علی حسن ایگزیکٹو ممبر ، حاجی زاہد چیئرمین پاٹری ایسوسی ایشن ،ثوبان ظہیر بٹ سابق صدر، باؤ منیر پشاوری سابق سینئر نائب صدر، وقار ایوب بٹ اور محمد عثمان منظر سیکرٹری جنرل موجود تھے۔ وفد نے نئے ڈی پی او گجرات کو مبارکباد پیش کی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ میٹنگ میں بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔حاجی ناصر محمود نے ان کو گجرات کا تعارف کروایا اور اس کے انڈسٹریل سیکٹرز کے بارے میں بتایا۔انہوں نے ان کو گجرات چیمبر آف کامرس کا تعارف کروایا اور بتایا کہ ہم ہر دم بزنس کمیونٹی کی خدمت کے لیے کوشاں ہیں۔ہم نے گجرات چیمبر میں پولیس خدمت مرکز بنایا ہوا ہے جو بہترین سروسز فراہم کر رہا ہے۔ باؤ منیر پشاوری نے کہا گجرات میں سکیورٹی کی صورتحال بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔خاص طور پر ڈکیتی کی وارداتوں کی روک تھام ،تھانہ لاری اڈا کے علاقہ میں عابد برکت قتل پر ہونے والی ڈکیتی میں ملزمان کو جلد از جلد پکڑا جائے۔ انہوں نے کہا سال انڈسٹریل اسٹیٹ تھانہ لاری اڈا کی حدود میں آتا ہے وہاں کی سکیورٹی کے لیے پولیس گشت کا بندوبست کیا جائے ڈی پی او گجرات نے تاجر برادری کے مسائل سنے اور انہیں یقین دلایا کہ تاجروں کے جان ومال کا تحفظ میری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ گجرات پولیس تاجر برادری کے کاروبار وجان ومال کے تحفظ کیلئے ہر دم کوشاں ہے اور رہے گی۔ضلع کے امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔تمام ممکنہ وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ضلع میں لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کو مزید بہتر بنائیں گے۔تاجران کی حفاظت کے لیے مانیٹرنگ سیل بھی بنایا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 10

ان کی خدمات دیہ کا ایک زمانہ معترف ہے پیر صاحب کی زندگی کا سب سے حسین کارنامہ محبت رسول ﷺ ہے جن کے اردگرد ان کی ساری تحریکیں اتنی تھیں ذات رسول ہی ان کا مرکز ومحور تھی مزید کہا کہ ختم نبوت اور ناموس رسالت کے لیے ان کی اٹھائی گئی تحریک کو عالمی پزیرائی حاصل ہوئی انہوں نے کہا ہم ہر وقت ختم نبوت کے لیے حاضر ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 11

اہل سنت تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا میزبان مجلس مفتی عبدالرحمٰن نعیمی نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا پروگرام میں خصوصی طور پر صاحبزادہ پیر محمد عثمان افضل قادری سجادہ نشین درگاہ مقدسہ نیک آباد مراڑیاں شریف، صدر پریس کلب سید نوید شاہ،صدر بار چوہدری رخسار، جنرل سیکرٹری انجمن تاجران خادم حسین سلیمی، پیپلز یوتھ کے صدر چوہدری یاسر امین مرل ایڈووکیٹ، علامہ راشد تنویر قادری، پیر سید زین العابدین کھاریاں، پیر سید مہندی حسین شاہ پیار شریف، چوہدری طارق مہلو پنجاب پولیس، علامہ راشد تنویر قادری جامعہ علی المرتضیٰ، چوہدری وارث محمود، مجاہد ختم نبوت ڈاکٹر انجم منظور صاحب، حافظ عدنان شہزاد، انجنیئر علی اکبر، جناب عمر شریف صاحب، شیر اسلام حمیر علی قادری صاحب، پیر سید قاسم علی شاہ ودیگر سینکڑوں علما کرام وطلبا کرام اور عاشقان مصطفیٰ ؐ نے شرکت کی اور پیر صاحب کی خدمات دیہ پر روشنی ڈالی اور خراج تحسین پیش کیا اور صحافی برادری ' سول سوسائٹی تاجر برادری اور پیر صاحب کے مریدین سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 12

کا پیر محمد افضل قادری صاحب نے اپنی پوری زندگی اسلام کی سربلندی کے لیے گزاری اور اپنے موقف پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا انہوں نے ساری زندگی اسلام کی ترویج واشاعت کے لئے جدوجہد کی سید نوید شاہ کا کہنا تھا کہ پیر صاحب کا گجرات پریس کلب اور صحافی برادری کے ساتھ ساتھ ہمیشہ احترام کا رشتہ قائم رہا اور ان سے دینی معاملات میں مکمل رہنمائی حاصل کی انہوں نے مزید کہا کہ ہم پیر عثمان افضل قادری صاحب کو بھی یقین دہانی کرواتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ ہر محاذ پر شانہ بشانہ ہوں گے کیونکہ پیر صاحب کا سارا کام دینی اخلاص پر مبنی تھا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 13

سینئر نائب صدر رانا نذیر اور شاہد بشیر کبوہ ' نوازش علی اور ذوالفقار علی باجوہ اور مفتی عبدالرحمان نعیمی نے پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور بھرپور استقبال کیا مفتی عبدالرحمان نعیمی نے پروگرام کی میزبانی کیا ساتھ ساتھ نعت کے فرائض بھی سرانجام دیے جس میں پیر صاحب کی خدمات دیہ کو اجاگر کیا اور سامعین کی تربیت کے لیے پیر افضل قادری کی جدوجہد اور خدمت دین کے واقعات سنائے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 14

پر پیر عثمان افضل قادری نے اپنے خصوصی خطاب میں کہا کہ پیشوائے اہلسنت کی خدمات لازوال ہیں چونکہ ان کا تعلق ناموس رسالت، ختم نبوت، نفاذ نظام مصطفیٰ ؟ اور اسلامی تعلیمات کی ترویج واشاعت سے ہے انہوں نے مزید کہا کہ ہم ان خدمات دیہ کو فراموش نہیں ہونے دیں گے بلکہ ان کا تسلسل برقرار رہے گا اور ہم ختم نبوت اور ناموس رسالت کے مشن سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے اور انشاءاللہ ہم قادریہ عالمیہ یونیورسٹی اور جامعہ قادریہ کے نظام تعلیم کو مزید مربوط کریں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ والد گرامی قدر قبلہ پیر صاحب نہ صرف گجرات ضلع بلکہ پنجاب اور وفاقی سطح کی انتظامیہ بھی آپ کے دینی موقف کو اہمیت دیتی تھی اور اس پر عملدرآمد بھی کرتی تھی انہوں نے مزید کہا کہ پیر صاحب نہ صرف مرد میدان تھے بلکہ عملی طور پر صوفی تھے اور حضور غوث الاعظم سرکار کے فیض یافتہ تھے اور ان کی برکت سے پیر صاحب کسی بھی مسئلہ میں شرعی فتوی بیان کرنے میں گھبراتے نہیں تھے بلکہ صحیح معنوں میں جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق بیان کرنے والی حدیث کا مصداق تھے مزید کہا کہ اب بھی نیک آباد سے پیر صاحب کے نقش قدم پر چلتے ہوئے شرعی اور آئینی تقاضوں کا ملحوظ رکھتے ہوئے اپنی دینی اور شرعی ذمہ داریاں پوری کریں گے اور کسی بھی مداہنت فی الدین کا شکار نہ ہوں گے آخر میں انہوں نے پریس کلب انتظامیہ اور جملہ مہمانوں اور مفتی عبدالرحمان نعیمی اور عالمی تحریک تحفظ ختم نبوت کے ساتھیوں کا شکریہ ادا کیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 15

ادارہ نورالاسلام کی طرف سے شرکاء کے اعزاز میں پیر صاحب کی روح کو ایصال ثواب کے لیے لنگر شریف کے بہترین انتظام و انصرام کیے گئے جس پر پیر عثمان افضل قادری نے پیر صاحب کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کروائی اور صدر پریس کلب وانتظامیہ کا شکریہ ادا لنگر شریف کے بہترین انتظامات جملہ احباب نے مفتی صاحب کی تحسین فرمائی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 16

کی آگ روشن رکھیں گی وہ قائد تحریک ختم نبوت تھے قادیانیت ہمیشہ ان سے لرزہ براندام رہی ان کے اقدمات ملت اسلامیہ کے جذبات کو تسکین بخشتے تھے عالمی تحریک تحفظ ختم نبوت وردقادیانیت کے محاذ سے ایک انچ پیچھے نہیں ہٹے گی بلکہ قادیانی مرتدین کے خلاف ارتداد جیسے جرم پر ریاستی سطح پر سزا کے نفاذ کے مطالبے کو قومی مطالبہ بنانے کی بھرپور جدوجہد کرے گی مفتی صاحب نے پریس کلب کے توسل سے یہ قرارداد بھی احباب سے منظور کروائی کہ گجرات اور مضافات میں قادیانی جمعے کی نمازیں باوجود غیر مسلم ہونے کے اداروں کی چھتری کے نیچے ادا کر رہے ہیں ان کو فی الفور روکا جائے سارے شرکا نے اس قرارداد کی حمایت کی اور انتظامیہ سے اس پر عمل کا مطالبہ کیا آخر میں مفتی صاحب نے پریس کلب انتظامیہ اور جملہ مہمانوں کا شکریہ ادا کیا تواضع پیش کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 17

سیاسی صورتحال سمیت ترقیاتی منصوبوں بارے اہم مشاورت۔ڈیرہ چوہدری عکاظ دیہات کیلئے دفتر قائم کر دیا گیا۔چوہدری شافع حسین نے کہا کہ مسلم لیگ (ق) کے زیر اہتمام ڈیرہ چوہدری عکاظ ضیاء متہ دفتر میں ہمارا سیکرٹری روزانہ 12 بجے سے شام 5 بجے تک موجود ہوگا۔علاقہ کے عوام بلاتفریق آکر مسائل کی نشاندہی کریں انشاء اللہ تمام نوٹس میں لائے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرائیں گے۔حلقہ کے عوام کی خدمت دیانتداری میرا مشن چوہدری شافع حسین نے کہا کہ چوہدری عکاظ ضیاء متہ کا شمار ہمارے مخلص ساتھی میں ہوا انکی زیر نگرانی یونین کونسل سوک کلاں کے تمام مسائل حل ہونگے۔چوہدری عکاظ ضیاء متہ نے کہا کہ صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین حلقہ پی پی 31 میں شامل تمام یونین کونسلز و دیہات کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کیلئے متحرک انشاء اللہ ہر یونین کونسل میں بلاتفریق و مساوی ترقیاتی منصوبے مکمل ہونگے ہم اپنے قائدین چوہدری سالک حسین، چوہدری شافع حسین کی زیر قیادت علاقہ کے عوام کی خدمت و تابعداری کے مشن پر کاربند ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 18

تحصیل گجرات کے جنرل سیکرٹری عاطف عظمت حسین کے قلندر دورہ کے موقع پر قلعہ میں مقیم ممتاز بزنس مین رئیل اسٹیٹ میاں فیصل نے اپنی رہائشگاہ پر پرتکلف ڈنر کا اہتمام کیا جس میں آمد پر عاطف عظمت حسین سید کا دوست احباب کے ساتھ شاندار استقبال کیا اور عاطف عظمت حسین سید کی سماجی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا پرتکلف ڈنر میں ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر جاوید اقبال ، ڈاکٹر قمر چیمہ ، چوہدری شہباز و دیگر بھی موجود تھے، اس موقع پر عاطف عظمت حسین سید سے میاں فیصل و دیگر معززین نے گجرات کی سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا اور مثالی میزبانی پر میاں فیصل کا شکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 19

صاحبزادے شیخ شاہد علی، کرنل سہیل علی، شیخ فاروق علی کے والد محترم الحاج شیخ شوکت علی انتقال کر گئے جنازہ آج 17 مئی بروز جمعہ المبارک انکی رہائش گاہ فوارہ چوک سے اٹھایا جائیگا نماز جنازہ بعد از نماز عصر 5:30 دارالفلاح شاہ قبرستان میں ادا کی جائے گی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 20

کی جوڑا ہاؤس آمد۔گزشتہ روز سابق مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب سید عدیل عباس شاہ، زوار سید خرم عباس شاہ، تیمور بٹ نے گلدستہ پیش کر کے مبارکباد و نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔چوہدری علی ابرار جوڑا نے مہمانوں کے اعزاز میں استقبالیہ کا اہتمام کیا خوشگوار ماحول میں گجرات کی سیاسی صورتحال سمیت ترقیاتی منصوبے بارے بھی تبادلہ خیالات کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 21

لئے اور فرار ہوگئے پولیس تھانہ سول لائن نے مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 22

کر گھومنے والے ملزم مظہر بھٹی ساکن گڑھی احمد آباد کو پولیس تھانہ بی ڈویژن نے گرفتار کرلیا اور ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 23

مومن کے رہائشی امداد حسین کو رو مال سنگھا کر بے ہوش کر کے نامعلوم ملزمان اس کی جیب سے کارڈ وغیرہ اور ایک لاکھ 70 ہزار روپے نکال کر لے گئے پولیس تھانہ شاہین نے مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 24

پرانر آئی پی، منڈی بہاؤالدین سے جے آئی یوتھ کے ذمہ داران وکارکنان کی گرفتاری پنجاب حکومت کا شرمناک اقدام ہے فوری رہا کیا جائے، گرفتاریاں اور رکاوٹیں جماعت اسلامی کے کارکنوں کے عزم وحوصلہ کو نہیں دبا سکتی۔پولیس نے گھروں میں گھس کر چادر اور چاردیواری کے تقدس کو پامال کیا ہے۔جماعت اسلامی پولیس کے ناروا رویہ اور غیر قانونی گرفتاریوں کے خلاف ہائی کورٹ میں جائے گی۔بلا اجازت گھروں میں داخل ہونے والے پولیس اہل کاروں کو معطل کیا جائے ،انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کسانوں کے ساتھ کھڑی ہے، حکومت کو کسانوں کے مطالبات تسلیم کرنا پڑیں گے، حکمرانوں کی نااہلی ، بدانتظامی اور کرپشن نے ملک وملت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔گزشتہ 20 دن سے کسان اپنی لاکھوں ٹن گندم لیے کھیتوں میں بیٹھے ہیں جبکہ صوبائی حکومت نے مجرمانہ خاموشی اختیار کر رکھی ہے، یہ بہت بڑی ناکامی ہے۔اگر موجودہ بحران کے فوری خاتمہ کا حل تلاش نہیں کیا گیا تو ملک ایک بڑے غذائی بحران کا شکار ہوسکتا ہے۔ ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا کہ گندم امپورٹ سکینڈل کے قومی مجرموں کا نشان عبرت بنایا جائے۔آرمی چیف، چیف جسٹس آف پاکستان گندم مافیا کے سرکوبی کے لئے اپنی ذمہ داری نبھائیں ،اگر گندم مافیا اس مرتبہ بھی بچ گیا تو ہر سال کسان کو برباد کرے گا۔چیف جسٹس صاحب بڑے بڑے وکیل کرنے کے لئے ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں۔لیکن آپ سے ہمیں انصاف کی پوری امید ہے گندم سکینڈل پر سوموٹو لیں اور کسانوں کو ان کا حق دلائیں،حکومت کسانوں سے گندم کا ایک ایک دانہ خریدے ورنہ کسانوں کے گھروں میں فاقے ہوں گے،حکمران کسانوں سے گندم کی خرید اری فوری شروع کریں اور ہماری بددعاؤں سے بچیں کیونکہ ہم ہاتھ سے روزی کمانے والے ہیں اور ہاتھ سے روزکمانے والا اللہ کا دوست ہے۔انہوں نے کہا کہ گندم امپورٹ مافیا کے جرم کی سزا کسانوں کو نہ دی جائے۔گندم امپورٹ مافیا عیش وعشرت میں مصروف جبکہ کسان سڑکوں پر دھکے کھا رہا ہے ۔جن کو اسمبلیوں میں سیجا بنا کر بھیجا وہ ہی کسانوں کا معاشی قتل کر رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 25

کوئی بھی اب اس دھرتی پر پیدا نہیں ہوگا کیونکہ وہ دین کے ساتھ کمٹڈ شخصیت تھے اور ہمیں ان کے نقوش پا کی پیروی کرنا ہوگی مجاہد ختم نبوت ڈاکٹر انجم منظور نے کہا کہ ہمیں عملی طور پر پیر صاحب کی طرح ختم نبوت کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے محض خالی خولی نعرے کافی نہیں ہیں تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شیر اسلام حمیر علی قادری نے کہا کہ پیر صاحب کا مشن جاری رہے گا اس میں کوتاہی نہیں ہوگی پیر سید زین العابدین نے کہا کہ وہ بے مثال مدرس، مقرر، محدث اور ادبی شخصیت تھے جنہوں نے ہر محاذ پر بے مثال کامیابی حاصل کی انہوں نے مزید کہا کہ پیشوائے اہلسنت ایک تحریک اور جماعت کا نام تھے جو اکیلے ہی پہاڑ جیسی استقامت رکھتے تھے اور بڑی بڑی تحریکیں برپا کر دیتے تھے ان کی زندگی ہمارے لیے مشعل راہ ہے پیر سید مہندی حسین شاہ نے کہا کہ پیر صاحب نابغہ روزگار شخصیت تھے جن کی زندگی ہشت پہلو ہیرے جیسی تھی جس سمت سے بھی ان کا جائزہ لیا جائے وہ نور علی نور تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 26

کامرس اینڈ انڈسٹری (ترکی) کا وزٹ کیا جہاں پر ترکی کے بزنس مینوں کے ساتھ بی ٹو بی میٹنگ کا اہتمام کیا گیا۔قبل ازین وفد جب ترکی کے شہر مرسین میں مرسین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پہنچا تو صدر مرسین چیمبر اور ایس اسماعیل نے دیگر عہدیداران کے ہمراہ پرتپاک استقبال کیا۔پھولوں کا گلدستہ پیش کیا گیا۔فیڈریشن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پاکستان کے صدر کی ایڈوائزر ڈاکٹر افشاں ملک، صدر ایف پی سی سی آئی کیپٹل اسلام آباد کریم عزیز ملک نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں سینئر نائب صدر گجرات چیمبر محمد اسد بھٹی، نائب صدر معصوم قمر نے بھی خطاب کیا جبکہ ترک پاک فورم کی صدر ہولیہ خانم وفد کے ہمراہ تھیں۔سکندر اشفاق صدر گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے کہا کہ ترکی کے ساتھ ہم تجارتی تعلقات میں اضافہ چاہتے ہیں۔مرسین چیمبر گجرات پاکستان میں تجارتی وفود بھجوائے۔ہم حکومتی سطح پر میٹنگوں کا اہتمام کریں گے تاکہ مشترکہ تجارت کو فروغ حاصل ہو۔صدر سکندر اشفاق نے کہا کہ موجودہ کومت ترکی کیس اتھ تجارتی تعلقات میں اضافہ چاہتی ہے اور ہماری خاہش ہے کہ ترکی کے بزنس مین گجرات کے بزنس مینوں کے ساتھ مشترکہ تجارت کو فروغ دینے کیلئے کام کریں۔ہم اس کے لئے تیار ہیں۔سینئر نائب صدر محمد اسد بھٹی نے اپنے خطاب میں گجرات چیمبر کا تعارف کرایا اور بتایا کہ سرائمس صدر گجرات چیمبر سکندر اشفاق نے کہا کہ پاکستان کے لوگ محنتی ، جفاکش اور محبت کرنے والے ہیں۔پاکستان ہر لحاظ سے سرمایہ کاری کیلئے موزوں ترین ملک ہے۔2024ء میں پاکستان کی اکنامک گروتھ میں اضافہ ہوا۔ 70 فیصد ہماری یوتھ ہے۔پاکستان میں ترقیاتی کام تیزی سے ہو رہے ہیں اور انرجی ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک میں سرمایہ کاری ہو رہی ہے۔پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔کوئلہ کے 175 بلین ٹن کے ذخائر موجود ہیں۔28 ٹریلین کیوبک گیس کے ریزرو موجود ہیں۔ٹیکنالوجی میں پاکستان سے 20 ہزار آئی ٹی گریجویٹ تیار ہو رہے ہیں۔ حکومت پاکستان سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کررہی ہے۔سرمایہ کاری کی پروشن کے لئے حکومت نے بورڈ آف انویسٹمنٹ کا ادارہ بنایا ہوا ہے جبکہ دوسرے ملکوں کے مقابلے میں ہمارے پاس سکلڈ لیبر موجود ہے۔ترکی کے سرمایہ کار انرجی، زراعت، فوڈ پراسسنگ، رئیل اسٹیٹ اور ٹورازم میں سرمایہ کار سکتے ہیں۔کریم عزیز ملک نے کہا ہے کہ ترکی اور پاکستان کے بزنس مینوں، تاجروں میں وفود کا تبادلہ وقت کا تقاضا ہے۔اگر دونوں ممالک کے بزنس مین ایک دوسرے کی انڈسٹری کا وزٹ کریں گے، وفود کا تبادلہ ہوگا تو دونوں ممالک کی تجارت کو فروغ حاصل ہوگا۔ہماری حکومت سرمایہ کاروں کو تحفظ فراہم کرے گی اور ان کا سرمایہ محفوظ رہے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز ترکیہ کے شہر مرسین میں مرسین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام میٹنگ میں کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 27

اوسلو ایئر پورٹ پہنچنے پر پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سید خالد حسین شاہ ، حاجی بشیر آف حاجیوالہ نے پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے استقبال کیا عبدالستار مرزا یورپ کے ایک ہفتہ کے دورہ کے دوران آج ناروے کے قومی ڈے پر تقریب میں شرکت کرینگے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 28

کر کے لے گئے پولیس تھانہ اے ڈویژن نے مقدمہ درج کرلیا۔فیض آباد کے رہائشی آصف شفیق کی موٹر سائیکل اس کے گھر کے باہر سے چوری، پولیس تھانہ شاہین نے مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 29

سلسلہ جاری گزشتہ روز بھی مختلف سیاسی سماجی کاروباری شخصیات نے ان کی رہائش گاہ پر جا کر فاتحہ خوانی کی جن میں سابق جنرل سیکرٹری وائی ڈی اے ڈاکٹر سعود افضل ،چوہدری عمران خلیل

یونیورسٹی آف گجرات کی حیاتین بلڈ سوسائٹی کے زیر اہتمام تھیلیسیمیا سیمینار سے ڈاکٹر پروفیسر سید اسحاق شاہ، ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈاکٹر محمد زبیر مکرم منیر خطاب کر رہے ہیں

حاجی محمد رمضان، چوہدری سلیم پنواری، جاوید باٹھ والا، مہر شبیر سلیمی، مہر تنویر، مہر اشفاق، فیصل نواز سندھو، مہر عرفان ودیگر کا گروپ فوٹو (فوٹو: وسیم گوندل)

چوہدری شافع حسین کی قیادت میں گجرات کو مسائل فری بنائینگے، علی سہیل رضی

رابطہ دفتر چوہدری شافع حسین فوارہ چوک میں عام آدمی کو ہر ممکن ریلیف پہنچانے کے لیے سرگرم عمل ہیں

چوہدری شافع حسین چوہدری سالک حسین گجرات کے سیوریج سمیت دیگر مسائل حل کروائینگے

گجرات (احسان اللہ سے) چوہدری شافع حسین کے کوآرڈینیٹر عوام دوست شخصیت علی سہیل رضی عوامی مسائل کے حل کے لیے دن رات مصروف عمل، عوام رابطہ آفس فوارہ چوک گجرات میں سائلین کی دادرسی کے لیے عملی طور پر سرگرم عمل ہیں اس حوالے سے علی سہیل رضی نے کہا چوہدری شافع حسین کی قیادت میں گجرات کو مسائل فری بنائینگے، رابطہ دفتر چوہدری شافع حسین فوارہ چوک میں عام آدمی کو ہر ممکن ریلیف پہنچانے کے لیے سرگرم عمل ہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 31)

چوہدری مجاہد اقبال وڑائچ پاکستان اوورسیز ساؤتھ افریقہ کا صدر منتخب

ڈاکٹر ارشد چوہدری، ڈاکٹر ولید ارشد، توصیف ارشد، ہمایوں مائگر ودیگر کی مبارکباد نیک خواہشات کا اظہار

گجرات (امجد نواز وڑائچ سے) چوہدری مجاہد اقبال وڑائچ جن کا تعلق ضلع منڈی بہاؤالدین (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 43)

گندم خریداری میں تاخیر کسان کیساتھ ظلم ہے، حکیم سید صابر شاہ

جماعت اسلامی امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں کسانوں کی آواز بلند کرتے رہیں گے کسانوں کے ساتھ ہیں

حکمران گندم خریداری کا عمل شروع کرے کسانوں کی محنت رائیگاں نہ جانے دیں گے کرپٹ عناصر کا احتساب ضروری ہے

گجرات (نمائندہ ڈاک) پروفیسر حکیم سید صابر علی شاہ نے کہا ہے کہ گندم خریداری میں تاخیر کسان کے ساتھ ظلم، زراعت گھاٹے کا سودا بن چکا، جماعت اسلامی امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں کسانوں کی آواز بلند کرتے رہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 44)

چوہدری نعیم رضا سے چوہدری امجد عموانہ کی ملاقات

سیاسی صورتحال باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی گئی

کوٹلہ ارب علی خاں (عابد مرزا، غفور احمد گل) ممتاز سیاسی وسماجی کاروباری شخصیت چوہدری امجد عموانہ کی وفد کے ہمراہ ڈیرہ کوٹلہ آمد راجہ اسلم ایگ ق چودھری نعیم رضا کوٹلہ سے خصوصی ملاقات کی۔ دوران ملاقات موجودہ سیاسی صورتحال سمیت اہم امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی،

خان سلطان خان کا الفلاح اسلامک بینک کوٹلہ کا دورہ

برانچ منیجر ماجد علی نے بینک میں دی جانیوالی سہولیات سے آگاہ کیا

کوٹلہ ارب علی خاں (عابد مرزا، غفور احمد گل) کوٹلہ میں سودی نظام کے خلاف اور اسلامی احکامات کے مطابق شریعہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 42)

جلالپور جٹاں، سروس شوز ٹانڈہ روڈ کا افتتاح کل ہوگا

مہمان خصوصی حاجی حبیب اللہ صراف، ملک ریاض، محمد وقاص ودیگر شرکت کرینگے

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری سے) ٹانڈہ روڈ پر قائم ہونے والے نئے سروس شوز سٹور کا افتتاح کل ہوگا مہمان خصوصی صدر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 41)

عمر سجاد اعوان سدکال کے والد محمد یعقوب انتقال کر گئے

مرحوم کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا

ملکہ (زاہد مصطفیٰ اعوان سے) عمر سجاد اعوان سدکال، قمر سجاد اعوان سدکال حال مقیم اٹلی کے والد محترم ملک منور حسین اعوان لائن سپرنٹنڈنٹ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 40)

چوہدری فدا الرحمٰن فلسطینیوں کا قتل عام، ظلم و بربریت کیخلاف عالمی قوتیں متحرک ہوں

صیہونی طاقتیں مسلمانوں کی نسل کشی کر رہی ہیں، مسلمان متحد ہو کر سازشوں کا مقابلہ کریں

فتح پور (نمائندہ ڈاک) ممتاز سیاسی شخصیت چوہدری فدا الرحمٰن لانجوہ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ ایران کا اسرائیل پر حملہ جرات مندانہ اقدام ہے جس سے امت مسلمہ کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے ہم تمام عرب ممالک کو فلسطین کا ساتھ دینا ہوگا جس سے یہود و لابی کی ہر سازش کو بے نقاب کیا جا سکتا ہے سب مسلم ممالک ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو جائے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 32)

پولیس خدمت مرکز گجرات چیمبر بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کیلئے سرگرم، عمران خان

کریکٹر سرٹیفکیٹ، موبائل کنکشن، ڈرائیونگ لائسنس، ایف آئی آر کاپی، ماتحت عملہ ڈرائیونگ پرمٹ اندراج واجراء کر رہے ہیں

گجرات چیمبر کے ممبران وعہدیداران کی سہولت کے لیے روزانہ کی بنیاد پر متحرک درختوں افراد کو سہولیات فراہم کر رہے ہیں، انچارج پولیس خدمت مرکز گجرات چیمبر

گجرات (امجد نواز وڑائچ سے) گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی بلڈنگ میں پولیس خدمت مرکز کا قیام خوش آئند امر ہے عرصہ آٹھ مہینے سے پولیس خدمت مرکز بطریق احسن فعال اور سروسز مہیا کر رہا ہے۔ اُن خیالات کا اظہار انچارج پولیس خدمت مرکز عمران خان (ASI) نے نمائندہ ڈاک سے گفتگو کے دوران کیا ہے۔ پولیس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 45)

جلالپور جٹاں، سی او مرزا مشرف بیگ کلاچور میں صفائی مہم کا جائزہ لے رہے ہیں میر شیخم رشید بھی موجود ہیں

پرنسپل عبداللطیف انصاری کو اعظم انصاری شبیر حسین، راشد غوری، فیض سیکرٹری گلدستہ پیش کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک ہیڈ خانکی پرائمری جنسی مشقوں کے دوران آلات کا جائزہ لے رہے ہیں

جلالپور جٹاں گلہ نادرا آفس میں صفائی صورتحال خراب ہے، صادق رانجھا

نالیاں گندگی سے اٹی پڑی ہیں، گندا پانی اوور فلو ہو کر گلیوں میں پھیل رہا ہے، سی او مرزا مشرف نوٹس لیں

جلالپور جٹاں (تحصیل رپورٹر) تنظیم الغفاری کے سرگرم رہنما صادق رانجھا نے کہا ہے کہ گلہ نادرا آفس میں صفائی کی صورتحال انتہائی ابتر ہے نالیاں گندگی سے اٹی پڑی ہیں گندا پانی اوور فلو ہو کر گلیوں میں پھیل رہا ہے دوسری طرف گلہ میونسپل ماڈل سکول کی بھی صورتحال یہی ہے عملہ صفائی ہفتوں تک نظر نہیں آتا چیف آفیسر مرزا مشرف بیگ کو اس صورتحال کا نوٹس لینا چاہیے

حکومت بروقت گندم خریداری کو یقینی بنائے، چوہدری عارف شمس

پورا سال محنت کرنے والے کسان کا گندم خریداری کے وقت بھی استحصال کیا جا رہا ہے جو ظلم ہے

مہنگے بیج کھادیں پانی اور ڈیزل کے اخراجات برداشت کرنے والے کاشت کاروں کو ریلیف ملنا چاہیے



گجرات (احسان اللہ سے) سابق ایس ڈی او محکمہ ہائی وے چوہدری عارف شمس آف چک شمس نے کہا ہے کہ گندم کی خریداری میں تاخیر کسانوں کے ساتھ ظلم ہے نے کہا ہے کہ گندم سیکنڈل کے کرداروں کا محاسبہ ناگزیر ہے۔ کسان ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہیں۔ انکے جائز مطالبات منظور کرتے ہوئے فوری ریلیف دیا جائے۔ حکومت کسانوں کو ریلیف (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 46)

کنزیومر پروٹیکشن کونسل کا جعلی مجسٹریٹ بن کر گھومنے والا گرفتار

گیکیاں کا رہائشی محمد آصف کاروباری افراد کے پاس جا کر چالان کی دھمکیاں دیتا اور پیسے بٹورتا

اسسٹنٹ کمشنر بلال زبیر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے محمد آصف کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرا دیا

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) اسسٹنٹ کمشنر گجرات بلال زبیر نے کارروائی کرتے ہوئے کنزیومر پروٹیکشن کونسل کا جعلی نمائندہ بن کر شہریوں ساتھ نوسربازی کرنے والے شخص کے خلاف مقدمہ درج کروا کے گرفتار کروا دیا۔ تفصیلات کے مطابق محمد آصف ولد احمد خاں سکنہ گیکیاں خود کو کنزیومر پروٹیکشن کونسل کا مجسٹریٹ ظاہر کر کے کاروباری (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 33)

جلالپور جٹاں پراپرٹی ایسوسی ایشن کے عہدیداران کا اعلان جلد ہوگا

سید تصور شاہ

جلالپور جٹاں (تحصیل رپورٹر) پراپرٹی ایسوسی ایشن کے اعزازی صدر سید تصور شاہ نے کہا ہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 39)

لالہ موسیٰ ماڈل ہائی سکول سٹوڈنٹ کونسل الیکشن، ٹائیگر گروپ فاتح

داؤد شاہد صدر، محمد ارمان نائب صدر، ساحل امجد جنرل سیکرٹری، محمد اسماعیل فنانس سیکرٹری منتخب ہو گئے

مدمقابل شاہین گروپ کے غلام احمد، علی حیدر، موحد احمد، محمد علی چند ووٹوں کے فرق سے ہار گئے

لالہ موسیٰ (طارق منہاس سے) گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول لالہ موسیٰ میں سٹوڈنٹ کونسل سال 25-2024 کے انتخابات میں ٹائیگر گروپ نے میدان مار لیا۔ داؤد شاہد صدر سمیت پورا پینل کامیاب۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول لالہ موسیٰ گذشتہ روز سٹوڈنٹ کونسل کے انتخابات ہوئے جس میں دو پینل شاہین گروپ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 47)

چوہدری خالد گھرال کی قیادت میں عوامی مسائل کے حل کیلئے سرگرم، ایم ڈی پاسر ڈیری

چوہدری خالد اصغر گھرال حلقہ کو تعمیر و ترقی کا گہوارہ بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں

مسلم لیگ ق ہی ملک کو بحرانوں اور مسائل کی دلدل سے نجات دلا سکتی ہے چوہدری صاحبان کی قیادت میں متحد ہیں

گجرات (احسان اللہ سے) پاکستان مسلم لیگ ق کے راہنما و کاروباری شخصیت چوہدری پاسر ڈیری نے کہا ہے کہ چوہدری خالد اصغر گھرال کی قیادت میں عوامی مسائل کے حل کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ چوہدری خالد اصغر گھرال حلقہ کو تعمیر و ترقی کا گہوارہ بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں مسلم لیگ ق ہی ملک کو بحرانوں اور مسائل کی دلدل سے نجات دلا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 34)

رومانیہ وفد کی گجرات آمد خوش آئند، روزگار و سیع مواقع موجود، سجیل ظفر

پنجاب ٹیک فی ٹیسٹ اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر مین سٹاپ دیونہ منڈی میں رومانیہ کے لیے ٹیسٹ انٹرویو 20 مئی کو ہونگے

باعزت روزگار اور ہینڈسم کمائی کے لیے پنجاب ٹیک فی ٹیسٹ اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر دیونہ منڈی عوام کا بااعتماد ادارہ بن چکا ہے

گجرات (سجاد حیدر ناز سے) رومانیہ کے وفد کی گجرات آمد ضلع گجرات کا اعزاز ہے پہلی بار رومانیہ کا وفد گجرات آ رہا ہے علاقہ کے عوام کیلئے بہت بڑی خوشخبری ہے کہ ان کو یورپ میں بہترین روزگار ماہ موقعہ مل رہا ہے ان خیالات کا اظہار پنجاب ٹیک فی ٹیسٹ اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر مین سٹاپ دیونہ منڈی کے ڈائریکٹر سجیل ظفر نے کیا انہوں نے کہا کہ رومانیہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 48)

امتیاز کوثر، چوہدری توصیف عبداللہ، غلام محی الدین، وحید الدین چوہدری ٹانڈہ، شیخ ابرار سعید ملتان دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کیساتھ چوہدری مظہر وڑائچ نت، حضرحیات بھٹی تقریب میں شریک

انگلینڈ، چوہدری حاجی عاشق حسین بچی، چوہدری قیصر محمود بچی، سید عون شاہ ودیگر اور سینئر پاکستانیوں کا حاجی عاشق حسین کے عشائیے میں گروپ فوٹو

سابق وفاقی وزیر انور علی چیمہ کی اہلیہ افسانہ نگار خالدہ انور خاک سپرد

نماز جنازہ میں سردار عارف نکئی، شہزاد احمد چیمہ، منیب سلطان چیمہ، ڈاکٹر مختار بھرتہ، چوہدری اسامہ غیاث ملک شفقت عباس، ملک شاکر، بشیر اعوان، مہر غلام محمد لالی، سردار آصف نکئی، چوہدری نیئر حسین کی شرکت

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) سابق وفاقی وزیر چوہدری انور علی چیمہ کی اہلیہ محترمہ، سابق ممبر قومی اسمبلی و سابق صوبائی وزیر چوہدری عامر سلطان چیمہ کی والدہ محترمہ، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب سردار محمد عارف نکئی کی ہمشیرہ، سابق (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 35)

63 واں ماہانہ درس قرآن 18 مئی کو لالہ موسیٰ میں ہوگا

مولانا شجاع الدین شیخ خطاب کرینگے، اہتمام مولانا ابوبکر حافظ عمر نے کیا

ملکہ (زاہد مصطفیٰ اعوان سے) جمعیت اشاعت التوحید والسنہ لالہ موسیٰ کے زیر اہتمام جامع مسجد ابراہیم محلہ احمد آباد لالہ موسیٰ میں 63 واں ماہانہ درس قرآن 18 مئی بروز ہفتہ بعد نماز مغرب منعقد ہوگا۔ درس قرآن کا عنوان ہمارے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 38)

مستنصر عطاء باجوہ گجرات چیمبر آف کامرس کے وفد کی DPO سے ملاقات

وفد نے تاجر برادری کے مسائل سے آگاہ کیا، ڈی پی او کا تاجر برادری کے جان و مال کے تحفظ کا عزم

ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، پولیس تاجروں کا تحفظ کریگی، ڈی پی او

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) DPO گجرات مستنصر عطاء باجوہ کی تاجر راہنماؤں کے ساتھ خصوصی میٹنگ، تاجر برادری کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، DPO گجرات، تفصیلات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 49)

ڈاکٹر صائمہ انور ڈپٹی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن سے ADDC پروفیسر شعیب بٹ ملاقات کر رہے ہیں

اے سی گجرات بلال زبیر سے مہر فاروق خالد کی ملاقات

گجرات تعیناتی کا خیر مقدم گلدستہ پیش نیک خواہشات کا اظہار

گجرات (نمائندہ ڈاک) ممتاز سیاسی وسماجی شخصیت مہر فاروق خالد کی اے سی گجرات بلال زبیر سے ملاقات، گجرات تعیناتی کا خیر مقدم گلدستہ پیش نیک خواہشات کا اظہار مہر فاروق خالد نے اے سی بلال زبیر کو گجرات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 36)

چک سکندر کا رہائشی محمد رافع تھیلیسیمیا کے مریضوں کی خدمت میں سرگرم

انہیں ہزاروں مریضوں تک خون پہنچانے کا اعزاز حاصل دن ہو یا رات وہ خدمت کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں

مگیانہ (عبدالغفور مرزا) محمد رافع کو ہزاروں لوگوں کی خدمت کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ ایسا نوجوان جو تنہا اٹھ کھڑا ہوا اور ایک عظیم مشن کے لئے پکے عزم کے ساتھ دکھی انسانیت کی خدمت کا مشن لے کر ایسے کئی تھیلیسیمیا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 50)

آئی سپیس کے تعاون سے بدھو کالس کے پرائمری سکول کے بچوں میں عینکیں تقسیم

بچوں کی آنکھوں کا معائنہ کیا گیا 90 بچوں کو نظر کمزور ہونے پر انہیں گرین فاؤنڈیشن کی طرف سے عینکیں تقسیم کی گئیں

اس موقع پر بریگیڈیئر احسن رضا چوہدری، اویس حیدر چوہدری نے فرینڈز آف کھاریاں اور چوہدری فضائل کا شکریہ ادا کیا

کھاریاں (شہزاد احمد سے) آئی سپیس کے تعاون سے سکول کونسل تحصیل کھاریاں کے زیر اہتمام لالہ موسیٰ کے نواحی گاؤں بدھو کالس کے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول میں بچوں کی بینائی کا معائنہ کیا گیا نوے بچوں میں سے پچیس بچوں کی بینائی کم ہونے پر آئی سپیس اور بدھو کالس گرین فاؤنڈیشن کی طرف سے کم بینائی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 37)

کھاریاں گورنمنٹ پرائمری سکول بدھو کالس کے کم بینائی والے بچے آئی سپیس کی ٹیم مشرف حسین، ڈاکٹر عیسیٰ خان، ڈاکٹر رشان خان، ڈی ڈی او چوہدری فضائل اختر، اے ڈی او علی شاہ اور بریگیڈیئر حسن رضا چوہدری اویس ودیگر کا گروپ فوٹو

ABC Certified
مظلوم کی آواز —— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک
DAILY "DAK" GUJRAT
www.dailydak.pk
روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر یونس ساقی
جمعۃ المبارک 8 ذوالقعدۃ 1445ھ 17 مئی 2024ء 4 جیٹھ 2081 ب (CPL-53)
جلد نمبر 28 شمارہ نمبر 263 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

360 ارب بوجھ ڈالنے کی تیاریاں، نیپرا نے قیمتوں میں 25 فیصد اضافہ مانگ لیا

صارفین کو ایک ساتھ بجلی کے دو جھٹکے

51 ارب 88 کروڑ روپے کی درخواست کی سماعت آج جمعہ اور 310 ارب اضافے کی درخواست کی سماعت 23 مئی کو ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) بجلی صارفین کے لئے بری خبر بجلی کے ایک نہیں دو جھٹکے، مزید اربوں روپے کا بوجھ ڈالنے کی تیاریاں شروع کر دی گئیں، نیپرا نے بجلی کی قیمتوں میں 25 فیصد اضافے کی خواہاں ہے جبکہ مجموعی طور پر 360 ارب سے زائد کا اضافہ مانگ لیا گیا۔ 51 ارب 88 کروڑ روپے کی درخواست پر سماعت کل اور 310 ارب روپے سے زائد کی اضافے کی درخواست پر سماعت 23 مئی کو ہوگی۔ نیپرا حکام دونوں درخواستوں پر سماعت کرینگے۔ تفصیل کے مطابق حکومت (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)

لاہور: جماعت اسلامی کے زیر اہتمام "حق دو کسان مارچ" میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہے

بھارت اپنی نام نہاد قانون سازی اور عدالتی فیصلوں کی آڑ میں اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں سے دستبردار نہیں ہوسکتا، شہباز شریف

پاکستان کشمیری بھائیوں کی جاری حمایت رکھے گا

وزیر اعظم

جموں وکشمیر کے مستقبل کا حتمی فیصلہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے، حریت رہنماؤں کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو

حریت رہنماؤں نے آزاد جموں وکشمیر کی حالیہ صورتحال پر قابو پانے کے حوالے سے وزیر اعظم پاکستان کے کردار پر انہیں خراج تحسین پیش کیا، بھارت کے غیر قانونی یکطرفہ اقدام کی توثیق کی مذمت، کشمیریوں سے اظہار یکجہتی پر حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیری بھائیوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی سطح پر حمایت جاری رکھے گا، بھارت اپنی نام نہاد قانون سازی اور عدالتی فیصلوں کی آڑ میں اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں سے دستبردار نہیں ہو سکتا، جموں وکشمیر کے مستقبل کا حتمی فیصلہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اعظم شہباز شریف نے جموں وکشمیر کے حریت رہنماؤں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد میں محمود احمد ساگر، غلام محمد صوفی، سید فیض احمد نقشبندی، الطاف احمد بھٹ، شہزاد وانی، (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2)

مظفر آباد: وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف، جموں وکشمیر کے حریت رہنماؤں کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان اڈیالہ جیل سے کہیں نہیں جا رہے، جسٹس اطہر من اللہ

اگلے ہفتے ملک میں موجود نہیں ہوں، کیس کی سماعت آئندہ تاریخ کا اعلان بنچ کی دستیابی کی صورت میں ہوگا، چیف جسٹس

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کیخلاف اپیلوں پر سماعت کے دوران چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ جسٹس اطہر من اللہ، اور ایڈووکیٹ خواجہ حارث کے درمیان خوشگوار جملوں کا تبادلہ ہوا ہے جس کے بعد کمرہ عدالت قہقہوں سے گونج اٹھا۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ میں اگلے ہفتے میں ملک میں موجود نہیں ہوں، کیس کی سماعت (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

کسانوں کو گندم کی پوری قیمت دی جائے، چوہدری سراج بابر

موجودہ نظام ظالمانہ اور استحصالی نظام ہے مزدوروں کے مسائل کیلئے محنت کشوں کو متحد اور منظم ہو کر جدوجہد کرنی ہوگی

کمر توڑ مہنگائی بجلی گیس پٹرول کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ نے مزدوروں کے چولہے ٹھنڈے کر دیئے

فتح پور (نمائندہ ڈاک) ممتاز سیاسی وسماجی کاروباری شخصیت چوہدری سراج بابر وڑائچ کوٹ مٹہ (حال تیم سٹین) نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ کسانوں کو محنت کے مطابق گندم کی قیمت دی جائے انہوں نے کہا کہ کسانوں کو ان کی محنت کے مطابق گندم کی جائز قیمت دینی چاہیے موجودہ نظام ظالمانہ اور استحصالی نظام ہے مزدوروں کے مسائل کیلئے محنت کشوں کو متحد اور منظم ہو کر جدوجہد کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت۔ کمر توڑ مہنگائی بجلی گیس پٹرول کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ نے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

سابق کمشنر راولپنڈی کے خلاف مقدمہ کے اندراج سے متعلق دائر درخواست خارج

لیاقت علی چٹھہ کیخلاف الیکشن کمیشن اور محکمانہ کارروائی ہو رہی ہے، الگ مقدمے کا جواز نہیں بنتا، عدالت

راولپنڈی (آن لائن) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی حاکم خان ٹھکر نے سابق کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کے خلاف مقدمہ کے اندراج سے متعلق دائر درخواست بلاجواز دے کر خارج کر دی ہے عدالت نے 2 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلے میں تھانہ سول لائن کے اے ایس آئی اسد خان کی رپورٹ کو بنیاد بناتے ہوئے قرار دیا کہ چونکہ سابق کمشنر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

حج بننے کے لیے دہری شہریت کی ممانعت نہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ نے فیصل واوڈا کو خط کا جواب دیدیا

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار آفس نے فیصل واوڈا کے خط کا جواب دے دیا جس میں کہا گیا ہے کہ حج بننے کے لیے دہری شہریت رکھنے کی ممانعت نہیں ہے۔ پاکستان کے آئین میں حج بننے کے لیے کسی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

قومی اسمبلی اجلاس: وزرا کی غیر حاضری پر سپیکر قومی اسمبلی برہم

کیا مذاق ہے، یہ قومی اسمبلی ہے کوئی سرکس نہیں، سپیکر رولنگ دیں، اعجاز جاکھرانی

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزراء کی عدم حاضری پر سپیکر قومی اسمبلی کا برہمی کا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

سابق صدر گجرات پریس کلب محمود اختر محمود کا مرسین چیمبر کے صدر مسٹر اویس اسماعیل استقبال کر رہے ہیں

ترکیہ: مرسین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں "پاکستان میں سرمایہ کاری کیوں ضروری ہے؟" کے موضوع پر سیمینار سے صدر FPCCI کیپٹل اسلام آباد کریم عزیز ملک، ڈاکٹر افشاں، صدر گجرات چیمبر سکندر اشفاق، اسد بھٹی، معصوم قمر اور ترکی کے بزنس مین خطاب کر رہے ہیں

ستھرا پنجاب پروگرام کیلئے یونین کونسلوں کو لوڈر رکشے فراہم کرنے کا فیصلہ

پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے، چیف سیکرٹری

لاہور (آن لائن) پنجاب حکومت نے رکشے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فیصلہ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس کے دوران کیا گیا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

نئی پارٹی "عوام پاکستان پارٹی" کا اعلان آج جمعہ ہوگا

شاہد خاقان عباسی اور مفتاح اسماعیل ودیگر اراکین پریس کانفرنس کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کی سربراہی میں نئی پارٹی کا اعلان آج جمعہ کو کیا جائیگا، پارٹی کا نام "عوام پاکستان" (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)

اسحاق ڈار کی بطور نائب وزیر اعظم تقرری کے خلاف دائر درخواست خارج

قانون کے مطابق وزیر اعظم کسی عہدے کے لیے کسی شخص کو نامزد کر سکتا ہے، لاہور ہائی کورٹ

لاہور (آن لائن) لاہور ہائیکورٹ نے وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بطور نائب وزیر اعظم تقرری کے خلاف دائر درخواست خارج کر دی۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد بلال حسن نے گزشتہ روز محفوظ کیا گیا فیصلہ سناتے ہوئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 10)

گجرات پریس کلب میں منعقدہ پیر محمد افضل قادری کے تعزیتی ریفرنس سے صاحبزادہ پیر عثمان افضل قادری، مفتی عبدالرحمٰن نعیمی، سید نوید شاہ، خادم حسین سلیمی خطاب کر رہے ہیں

ملک بھر میں گرمی کی شدید لہر، لوڈشیڈنگ کا جن بے قابو، عوام بدحال

بجلی کا شارٹ فال 5 ہزار 218 میگاواٹ سے بڑھ گیا، شہری علاقوں میں 8 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں گرمی کی شدید لہر سے درجہ بڑھتے ہی لوڈشیڈنگ کا "جن" بے قابو ہو گیا، بجلی کی طلب بڑھتے ہی ملک بھر کے شہری اور دیہی علاقوں میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع ہو گیا، پاور ڈویژن کے مطابق ملک بھر میں بجلی کا شارٹ فال 5 ہزار 218 میگاواٹ سے بڑھ گیا، بجلی کی طلب 24 ہزار میگاواٹ ہو گئی جبکہ پیداوار (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 13)

پوری قوم نرسز سٹاف کی بے لوث خدمت کی معترف

سی ایم ایچ پشاور میں انٹرنیشنل نرسز ڈے کی مناسبت سے دو روزہ تقریبات

پشاور (آن لائن) پوری قوم نرسز سٹاف کی بے لوث خدمت کی معترف، سی ایم ایچ پشاور میں انٹرنیشنل نرسز ڈے کی مناسبت سے دو روزہ تقریبات، بہترین کارکردگی دکھانے والی نرسز سٹاف کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ سی ایم ایچ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 12)

بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) سے آگاہی کا عالمی دن آج 17 مئی جمعہ کو منایا جائے گا

اس دن کے منانے کا مقصد بلڈ پریشر کی وجوہات، علامات، علاج و پرہیز اور اس کے تدارک کے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنا ہے

گجرات (نمائندہ ڈاک) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) سے آگاہی کا عالمی دن 17 مئی جمعہ کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد بلڈ پریشر کی وجوہات، علامات، علاج و پرہیز اور اس کے تدارک کے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنا ہے۔ اس دن کے حوالے سے گجرات سمیت ملک بھر میں محکمہ صحت اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 11)

گجرات: ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک سکول کونسل کے انتخابات کا جائزہ لے رہے ہیں

SW
تمام گاڑیوں کے جینوئن انجن آئل، فلٹر دستیاب ہیں
سکائی ویل آئل، ٹائر اینڈ بیٹری شاپ
ٹائر الائے رم کا مرکز
دی نیم آف ٹرسٹ
بیٹری کی تمام ورائٹی ہول سیل ریٹ پر دستیاب ہے
پروپرائیٹر بقاء اللہ اعوان
053-3707340
0313-6203086
0308-6203086
مین گیٹ OPF کالونی نزد ائیر پورٹ چوک بھمبر روڈ گجرات

شہر کے وسعت میں اپنے کے پاس
زندگی کی تمام تر سہولتوں سے آراستہ
آپ کا اعتماد ہماری کامیابی کی ضمانت ہے
رہائشی پلاٹس برائے فروخت
5 مرلہ 6 مرلہ 7 مرلہ 8 مرلہ 10 مرلہ
عمران بلڈرز
0300-9620307
0300-6208817
لوکیشن نیو شادمان کالونی سٹی گجرات

جماعت اسلامی کے مرکزی راہنما لیاقت بلوچ، ڈاکٹر طارق سلیم کیساتھ خوشگوار موڈ میں

مفتی پیر عثمان افضل قادری پیشوائے اہلسنت تعزیتی ریفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈاکٹر مسعود افضل، اعجاز احمد شاکر کے والد محترم کیلئے دعائے مغفرت کر رہے ہیں

پیشوائے اہلسنت پیر محمد افضل قادری کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے مفتی عبدالرحمٰن لیمی خطاب کر رہے ہیں

ڈی آئی او عثمان سندھو، اعجاز احمد شاکر کے والد محترم کیلئے دعائے مغفرت کر رہے ہیں

جاوید بٹ، میاں ندیم اسلم کے ساتھ اظہار تعزیت کر رہے ہیں

مدینہ منورہ: چوہدری سالک حسین پاکستانی حج مشن کے ہسپتال کے دورہ کے موقع پر

صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کا اپنا کے وفد گلدستہ پیش کر رہا ہے

چوہدری علی ابرار جوڑا کے ساتھ سید عدیل عباس شاہ کی ملاقات

زوار سید خرم، تیمور بٹ ہمراہ، عمرہ سعادت پر گلدستے پیش کیے

گجرات (ویم کونڈل سے) سٹی صدر پاکستان مسلم لیگ (ق) گجرات چوہدری علی ابرار جوڑا نے عمرہ کی سعادت حاصل کر لی ممتاز شخصیات (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 20)

چیف جسٹس صاحب!! گندم سکینڈل پر سوموٹو لیں، کسان رل گئے ہیں، ڈاکٹر سلیم طارق

منڈی بہاؤالدین سے جماعت کے ذمہ داران کی گرفتاری شرمناک، جماعت اسلامی کے احتجاج کو روکا نہیں جا سکتا

تین ہفتوں سے کسان گندم لیے کھیتوں میں بیٹھے ہیں جبکہ حکمران مجرمانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں، احتجاجی ریلی سے خطاب

گجرات (مدثر اقبال سے) پنجاب ہاؤس کے باہر کسان مارچ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا کہ پنجاب کو محرومیوں کے تحفے دینے والے حکمرانوں کا حساب قریب ہے، کارکنوں نے پورے عزم اور استقامت کا مظاہرہ کیا، حکومت بوکھلا کر اوچھے ہتھکنڈوں (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 24)

کچہری کے قریب ڈاکوؤں نے فیملی کو لوٹ لیا

نبیل اصغر کی فیملی سے گن پوائنٹ پر زیورات، نقدی چھینی گئی

گجرات (ارشد علی سے) کچہری کے قریب نبیل اصغر کی فیملی سے نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر نقدی اور طلائی زیورات چھین (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 21)

ڈاکٹر طارق سلیم لاہور میں کسان ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

میاں ہارون مسعود، چوہدری اصغر بنیاں کی برسی میں شریک

میاں زورین مسعود، میاں ہاشم مسعود ہمراہ تھے، چوہدری انصر کے ساتھ اظہار ہمدردی

گجرات (نمائندہ ڈاک) سابق تحصیل ناظم میاں ہارون مسعود نے گزشتہ روز میاں زورین مسعود، میاں ہاشم مسعود کے ہمراہ اپنے دیرینہ ساتھی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 36)

ترکھا پل اور مچھیانہ کے قریب ڈاکوؤں کے لوٹ مار

مچھیانہ کے محمد شمیم، ترکھا کے عمیر سے نقدی، موبائل چھینے گئے

گجرات (ارشد علی سے) مچھیانہ کے قریب مچھیانہ کے رہائشی محمد شمیم سے مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر نقدی موبائل چھین لیا (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 35)

چوہدری علی ابرار جوڑا کو سید عدیل عباس شاہ، زوار خرم شاہ، تیمور بٹ گلدستہ پیش کر رہے ہیں

پیشوائے اہلسنت پیر محمد افضل قادری کی ساری زندگی قرآن پاک پڑھتے پڑھاتے گزری

آپ کی ساری زندگی عشق رسول میں گزری، خادم سلیمی، پیر صاحب کی پیروی کرنا ہوگی، ڈاکٹر انجم منظور

انشاء اللہ!! پیر صاحب کا مشن جاری رہے گا، جمیر علی قادری، آپ بے مثال مدرس اور محدث تھے، پیر سید زین العابدین

گجرات (نمائندہ ڈاک) جنرل سیکرٹری انجمن تاجران خادم حسین سلیمی نے کہا کہ پیر افضل قادری صاحب نے اپنے بزرگان طریقت کے راستے پر چلتے ہوئے اپنی زندگی گزاری اور رسالت مآب کے عشق میں ہی ان کا کردار پروان چڑھا، چوہدری یاسر امین مرل ایڈووکیٹ نے کہا کہ پیر صاحب جیسا اب دوسرا (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 25)

ترکیہ گجرات چیمبر وفد کا مرسین چیمبر دورہ

ترک بزنس مینوں کیساتھ بڑی میٹنگ

ترکی کیساتھ تجارتی تعلقات میں اضافہ چاہتے ہیں، ہماری خواہش ہے کہ تجارتی وفود کے تبادلہ ہوں، سکندر اشفاق رضی

دونوں ممالک کے تجارتی وفود کا تبادلہ وقت کی ضرورت، کریم عزیز ملک، اسد بھٹی نے گجرات چیمبر عہدیداران کا تعارف کروایا

گجرات (نمائندہ ڈاک) گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر سکندر اشفاق کی قیادت میں 22 رکنی وفد نے مرسین چیمبر آف (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 26)

گاڑی پر نیلی بتی لگا کر شاہدولہ روڈ پر گھومنے والے کو پولیس نے گرفتار کر لیا

گجرات (ارشد علی سے) شاہدولہ روڈ پر کار پر نیلی بتی لگا (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 22)

نوسر باز شہری کو بے ہوش کر کے پلونے دولاکھ روپے اور کارڈز لے گئے

گجرات (ارشد علی سے) شاہین چوک پر کھڑے کوٹ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 23)

جاوید بٹ، میاں ندیم اسلم کے چچا جان کی نماز جنازہ میں شریک، اظہار تعزیت

گجرات (نمائندہ ڈاک) جاوید بٹ صدر مرکزی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 33)

گلانوالہ چوک اور عادووال سے دو منشیات فروش گرفتار

اڑھائی کلو سے زائد چرس برآمد

گجرات (خبر نگار خصوصی) تھانہ صدر گجرات پولیس (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 34)

ترکیہ: مرسین چیمبر کے صدر اور دیس، ہولیہ خانم کے ساتھ ڈاکٹر افشاں ملک، سکندر اشفاق رضی، اسد بھٹی کا گروپ فوٹو

پیشوائے اہلسنت پیر محمد افضل قادری کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے مفتی عثمان افضل قادری خطاب کر رہے ہیں

سینئر صحافی عبدالستار مرزا ناروے پہنچ گئے

چوہدری بشیر باہڑہ حاجیوالا، سید خالد حسین شاہ نے گلدستے پیش کیے

گجرات (نمائندہ ڈاک) گجرات پریس کلب کے سابق صدر و ڈسٹرکٹ انچارج ایکسپریس عبدالستار مرزا تفریحی دورہ پر ناروے پہنچ گئے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 27)

ترکھا تا ہیڈ خانکی 11 کلومیٹر روڈ کی تکمیل، ڈپٹی کمشنر کا دورہ معائنہ

میٹریل کی ٹیسٹنگ، کوالٹی پر سمجھوتہ نہیں، منصوبہ بروقت مکمل ہونا چاہیے، ڈپٹی کمشنر

گجرات (نمائندہ ڈاک) ڈپٹی کمشنر صفدر ورک نے ترکھا تا ہیڈ خانکی زیر تعمیر سڑک کا معائنہ کیا، محکمہ ہائی وے کے افسران نے ڈپٹی کمشنر صفدر حسین کو بریفنگ دی، ڈپٹی کمشنر صفدر ورک نے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 31)

پیر محمد عثمان افضل قادری پیر صاحب کی یاد میں تعزیتی ریفرنس کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

سینئر صحافی اعجاز احمد شاکر کے والد محترم کیلئے دعائے مغفرت، ممتاز شخصیات کی گھر آمد

ڈاکٹر مسعود افضل، چوہدری عمران طفیل، عثمان سندھو، عبدالرحمٰن گندرہ، ڈاکٹر فرحان میر، مہر فاروق خالد نے فاتحہ خوانی کی

گجرات (نمائندہ ڈاک) ممتاز صحافی سابق جنرل سیکرٹری گجرات پریس کلب ایڈیٹر روزنامہ شانہ بشانہ اعجاز احمد شاکر، سجاد احمد، محمد ابرار، محمد وسیم کے والد محترم محمد فاضل کی وفات پر فاتحہ خوانی کا (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 29)

جیل چوک اور محلہ فیض آباد سے دو موٹر سائیکلیں چرا لی گئیں

گجرات (خبر نگار خصوصی) مشکوجوں کا رنر کے باہر سے نامعلوم چور جوں پینے آئے شخص احمد بٹ ساکن جیل چوک کی موٹر سائیکل چوری (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 28)

شاہدولہ روڈ پر غل غپاڑہ کرتے دو شرابی گرفتار

گجرات (ارشد علی سے) تھانہ بی ڈویژن پولیس نے شاہدولہ روڈ سے غل غپاڑہ کرتے ملزمان عدیل وڑائچ ساکن کولووال اور ذوالفقار (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 32)

چوہدری علی ابرار جوڑا سے مرزا شفقت جمیل کی ملاقات، گلدستہ پیش

گجرات (نمائندہ ڈاک) سابق نائب ناظم و سینئر راہنما پاکستان مسلم لیگ مرزا شفقت جمیل بیگ نے پاکستان مسلم لیگ گجرات کے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 30)

مفتی پیر عثمان افضل قادری کا پریس کلب آمد پر سید نوید شاہ گلدستہ پیش کر کے استقبال کر رہے ہیں

مفتی پیر عثمان افضل قادری کا پریس کلب آمد پر ارشد محمود استقبال کر رہے ہیں


رابعہ تصدق علی راجپوت، اعجاز احمد شاکر کے والد محترم کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مفتی عثمان افضل قادری کیساتھ یاسر امین مرل ملاقات کر رہے ہیں

ڈاکٹر طارق سلیم کسان مارچ میں نعرے لگوا رہے ہیں

میاں ہارون مسعود، میں زورین مسعود، میاں ہاشم مسعود، چوہدری اصغر بنیاں کی برسی میں شریک ہیں

پیشوائے پارٹی کے راہنما ڈاکٹر فرحان میر، اعجاز احمد شاکر کے والد محترم کے لئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مفتی عثمان افضل قادری کیساتھ پیر راشد تنویر قادری تعزیتی ریفرنس میں ملاقات کر رہے ہیں

چوہدری اکمل حسین، شافع حسین کا رابطہ دفتر عوامی ریلیف گاہ مرزا شفقت جمیل

انشاء اللہ حلقہ بھر میں ترقیاتی کام ہوں گے، شہر کی حالت بہتر، بے روزگاروں کو روزگار ملے گا

گجرات (جبل منیر سے) پاکستان مسلم لیگ کے سینئر (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 37)

ڈھلو شرقی میں لڑائی مخالف کو گولی مار دی گئی

آصف پر تشدد، مضروب کے بھائی کی مدعیت میں نامزد مقدمہ

گجرات (ارشد علی سے) ڈھلو شرقی میں لڑائی جھگڑے کے دوران آصف ساکن ڈھلو شرقی کو ملزمان ندیم اشرف ساکن ڈھلو شرقی بشارت (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 38)

سیلاب کی صورت ریلیف تیاریاں ریسکیو کے زیر اہتمام ہیڈ خانکی پر مشقیں

ڈپٹی کمشنر مہمان خصوصی، مشینری کے سٹالز، ہر طرح کے ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، ڈپٹی کمشنر

گجرات (نمائندہ ڈاک) ریسکیو 1122 کے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 39)

ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک ہیڈ خانکی میں تربیتی مشقوں کا معائنہ کر رہے ہیں

عبدالستار مرزا کا ناروے پہنچنے پر سید خالد شاہ، چوہدری بشیر باہڑہ حاجیوالا استقبال کر رہے ہیں

کنزیومر پروٹیکشن کونسل کا نمائندہ بن کر نوسر بازی کرنیوالا گرفتار

اے سی گجرات نے آصف نامی نوسر باز کو رنگے ہاتھوں پکڑا، مقدمہ درج

گجرات (نمائندہ ڈاک) اسسٹنٹ کمشنر گجرات (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 40)

عادووال کے قریب پولیس سے مقابلہ کرنیوالا گرفتار

ٹبی چاند کے رہائشی سے 15 لیٹر شراب برآمد کر لی گئی

گجرات (ارشد علی سے) عادووال کے قریب سے پولیس (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 41)

سابق چیئرمین بلدیہ منظور ڈار سے مرزا شفقت جمیل بیگ کی ملاقات عمر سعادت پر گلدستہ پیش کیا

گجرات (نمائندہ ڈاک) پاکستان مسلم لیگ گجرات (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 42)

سٹوڈنٹ کونسل قیام کیلئے خفیہ رائے شماری سے انتخاب

ڈپٹی کمشنر کا میونسپل گرلز ہائی سکول دورہ، انتخابات کا جائزہ لیا

گجرات (نمائندہ ڈاک) ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے گورنمنٹ میونسپل گرلز ہائی سکول کا دورہ کیا، وہاں جاری سٹوڈنٹس کونسلز کے انتخابات (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 48)

لاہور: ڈاکٹر اسحاق، احسن بٹ کسان مارچ میں شریک ہیں

خضر حیات بھٹی، ایس پی ریاض، اے سی بلال، شوکت بٹ، صوفی احمد شاہ زیب عشائیہ میں

ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر گجرات فیصل شریف کا بہاولنگر تبادلہ

گجرات (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 43)

سب انجینئر محکمہ بلڈنگ محمد عادل ٹریفک حادثہ میں شدید زخمی

گجرات (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ بلڈنگ گجرات کے سب انجینئر محمد عادل روڈ حادثہ میں شدید زخمی ہو گئے ہیں انہیں ماتھے اور کندھے پر (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 44)

UOG ایسوسی ایٹ ڈگری سالانہ امتحانات کا جون جولائی انعقاد

فیس فارم جمع کرانے کا شیڈول جاری، داخلہ فارم ویب سائٹ پر دستیاب

گجرات (نمائندہ ڈاک) جامعہ گجرات کے زیر اہتمام ایسوسی ایٹ ڈگری آرٹس، سائنس و کامرس اور بی اے، بی ایس سی و بی کام (آنرز) (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 47)

ڈپٹی کمشنر نے سڑکوں کی تعمیر و مرمت کیلئے پنجاب حکومت سے فنڈز مانگ لیے

گجرات (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 46)

AD CR خضر حیات بھٹی کا سبزی و فروٹ منڈی رہ دو

نیلامی و ریٹ لسٹوں کی نگرانی، مانیٹرنگ جاری رکھنے کا عزم

گجرات (نمائندہ ڈاک) ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو خضر حیات بھٹی نے علی الصبح سبزی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 45)

مفتی پیر عثمان افضل قادری کو رانا نذیر پریس کلب آمد پر گلدستہ پیش کر رہے ہیں


مفتی عثمان افضل قادری، مفتی عبدالرحمٰن لیمی کیساتھ تبادلہ خیالات کر رہے ہیں


حاجی منظور ڈار کیساتھ مرزا شفقت جمیل بیگ، غلام رسول، محسن ملاقات کے موقع پر

چوہدری عبدالرحمٰن گجر گندرہ، اعجاز احمد شاکر کے ساتھ اظہار تعزیت کر رہے ہیں

پیشوائے اہلسنت پیر محمد افضل قادری تعزیتی ریفرنس سے صدر بارخسار چوہدری خطاب کر رہے ہیں

موت کے سیلاب میں ہر خشک و تر بہہ جائے گا إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ہاں مگر اک نام حسینؑ ابن علیؑ رہ جائے گا

حاجی شیخ محمد علی (مرحوم) کے صاحبزادے
شیخ شاہد علی، کرنل سہیل علی
شیخ فاروق علی کے والد محترم
الحاج شیخ شوکت علی

قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے ہیں إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

نماز جنازہ آج 17 مئی جمعۃ المبارک 5:30 بجے بعد نماز عصر قبرستان دارہ گلاب شاہ میں ادا کی جائیگی

جنازہ 5:15 بجے فوارہ چوک سے اٹھایا جائیگا

دوست احباب سے نماز جنازہ میں شرکت کی استدعا ہے

سوگواران: شیخ مدثر احمد (اسلحہ ڈیلر) نصیر احمد (شوکت برتن سٹور مسلم بازار گجرات) اہل خاندان

0300-9624235 0321-9624235